علم الجفر کی بنیادی معلومات کا آسان مجموعہ
علم الجفر
ادارہ تصنیف و تالیف
آغا محمد اشرف

علم الجفر کی بنیادی معلومات کا آسان مجموعہ
علم الجفر
ادارہ تصنیف و تالیف
آغا محمد اشرف
الرحمن
الجبار
المومن
الخالق

علم الجفر سیکھنے کے لیے بنیادی رہنما کتاب

علم الجفر

مرتبہ و مولفہ

ادارہ تصنیف و تالیف

مشتاق بک کارنر

الکریم مارکیٹ۔ اُردو بازار، لاہور

ہماری کتابیں، معیاری کتابیں
خوبصورت اور کم قیمت کتابیں

ناشر: مشتاق احمد
اہتمام: سلمان منیر

نام کتاب ......★...... علم الجفر
مصنف ......★...... ادارہ تصنیف وتالیف
مطبع ......★...... اسد نیئر پرنٹرز، لاہور
سن اشاعت ......★...... مارچ 2007ء

کتاب ہذا میں اگر کہیں کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرما کر شکریہ ادا کرنے کا موقع فراہم کریں تاکہ اگلے ایڈیشن میں درستگی کی جاسکے۔ شکریہ

فہرست علم الجفر

پہلی بات

علم جعفر کیا ہے؟

یہ ایک بڑا اہم سوال ہے۔ اور اہم اس لیے کہ اب تک جتنی کتابیں اس موضوع پر گزری ہیں ان میں سے کسی ایک میں بھی یہ روشنی نہیں ڈالی گئی کہ آخر یہ علم ہے کیا؟ اس پر روشنی ڈالنے کی طرف مولفین و مرتبین نے توجہ ہی نہیں دی۔ جس سے یہ ہوتا ہے۔ ان کتابوں کو پڑھنے والا یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ جناتی زبان میں لکھی ہوئی کوئی کتاب پڑھ رہا ہے اور پڑھتے پڑھتے ایک ایسی بھول بھلیاں میں کھو گیا ہے کہ اس سے باہر نکلنے کا راستہ نہیں دیکھ پا رہا۔ رموز جعفر پر لکھنے والے حروف، عناصر، اسمائے الہٰی اور اعداد کی حیرت انگیز مخفی قوتوں کا انکشاف تو کرتے ہیں لیکن آغاز نقطے سے نہیں کرتے کہ علم جعفر ہے کیا؟ اور اس کی وجہ شاید یہ ہے کہ وہ خود بھی نہیں جانتے کہ علم جعفر ہے کیا؟ خود اسی چکر میں الجھے ہوئے ہیں اور دوسروں کو الجھاتے ہیں۔

ورنہ اصول اور قاعدہ کی علمی بات تو یہ ہے کہ جس علم پر کتاب لکھی جا رہی ہے اس کا آغاز ہی یہاں سے کیا جائے کہ یہ علم آخر ہے کیا؟ یہ بہت ضروری ہے کہ قاری کے ذہن نشین کرانے کے لیے اس علم کی سب سے پہلے ماہیت و نوعیت بیان کی جائے اور قدم بقدم اس علم کی دوسری پرتیں اجاگر کی جائیں۔ اس سے ایک عام قاری کے لیے یہ نہایت آسان ہو جائے گا کہ وہ شروع سے آخر تک اس علم کو سمجھ جائے اور اس سے استفادہ کرے۔ ورنہ اس معمہ نویسی

اور معمہ گوئی کا تو کچھ فائدہ نہیں کہ قاری ساری کتاب پڑھ جانے کے باوجود کچھ سمجھ نہ پائے اور اسے پڑھتے پڑھتے خود معمہ بن جائے۔

بہرحال اس کتاب میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ سب پہلے قاری کو یہ بتایا جائے کہ علم جفر کیا ہے۔ اس کے بعد حروف، عناصر، اسمائے الٰہی اور اعداد کی حیرت انگیز مخفی قوتوں کا انکشاف کیا جائے۔ اور یوں یہ کتاب ایک مبتدی قاری کے لیے بڑی افادیت رکھتی ہے۔ علم جفر سے متعلق ہر بات کو اس میں مفصل طریقے اور بڑے آسان اور عام فہم پیرائے میں بیان کیا گیا ہے۔ اس سے کم تعلیم یافتہ آدمی بھی پورا پورا فائدہ اٹھا سکتا ہے اب تک علمی طور پر علم جفر پر اس سے جامع و مستند کتاب شائع نہیں ہوئی۔ جس سے یہ معلوم ہو کہ علم جعفر کیا ہے؟ کیسے کام کرتا ہے۔ عملی طور پر کیسے وضع کیا جاتا ہے۔ کیسے مختلف مقاصد کے لیے مخصوص نقوش بنائے جاتے ہیں۔ مخصوص اوقات کے مخصوص عملیات اور سریع الاثر حروف و اعداد کیا ہیں۔ اعمال حُب و عداوت، حاضری مطلوب، ترقی، سربلندی، حصولِ رزق، ہر کام میں کامیابی، امراض و عوارض کے الواح اور اسمائے الٰہی کے الواح تیار کرنے کے طریقے بھی اس کتاب میں درج ہیں۔ یہ کتاب ان لوگوں کے لیے بیش قیمت تحفہ ہے جو عملیات جفر کے دلدادہ و شائق ہیں۔

علم الجفر

مجمع البحرین میں لفظ کے بارے میں یہ لکھا ہے کہ علم الحروف کے اصول پر حوادث عالم کو معلوم کرنے کا نام علم جعفر ہے۔

علم جعفر کو علم الحروف بھی کہتے ہیں۔ یہ ایسا علم ہے کہ اس کے ذریعہ سے حوادث عالم کو معلوم کر لیا جاتا ہے۔

علم جعفر علم تکسیر کا دوسرا نام ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ سائل کے سوال کے حروف میں تغیر و تبدل کر کے حالات معلوم کیے ہیں۔

یہ پراسرار علم حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے منسوب ہے اور اسی نسبت سے یہ علم جفر کہلاتا ہے۔ جعفر سے جفر۔ گویا کہ امام جعفر صادقؑ جفارِ اوّل ہیں۔ موجد علم الجفر۔

آپ آلِ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم اور سلسلۂ عصمت کی آٹھویں لڑی ہیں۔ آپ کے والد ماجد حضرت امام باقر علیہ السلام تھے اور والدہ ماجدہ جناب ام فردہ بنت قاسم بن محمد بن ابی بکرؓ تھیں۔

آپ اپنے آباؤ اجداد کی طرح امام منصوص، معصوم با علم زمانہ اور افضل کائنات تھے۔ علامہ ابن حجر لکھتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام افضل و اکمل تھے اسی بنا پر آپ اپنے والد کے خلیفہ اور وصی قرار پائے۔ علوم زمانہ آپ کو اپنے والد ماجد سے وراثت میں ملے۔

(صواعق محرقہ۔ ص ۱۲۰)

علامہ ابن خلکان لکھتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سادات اہلبیت سے تھے ۔ان کی افضلیت اور فضل وکرم محتاج بیان نہیں۔

(وفیات الاعیان جلد ا ص ۱۰۵)

آپ بھی اپنے آباؤ اجداد کی طرح معصوم و محفوظ تھے ۔آپ خود ارشاد فرماتے ہیں

"ہم وحی خدا کے ترجمان ہیں۔ علم خُدا کے خزینہ دار ہیں ۔ہم لوگ معصوم ہیں ۔خُدا نے ہماری اطاعت کا حکم دیا ہے ۔"

(اعلام الوری ص ۱۶۹)

علامہ ابن طلحہ شافعی لکھتے ہیں کہ امام جعفر صادقؑ اہلبیت کے ایک مقتدر و عظیم فرد تھے ۔آپ بہت سے علوم سے بھرپور اور بہرہ ور تھے ۔آپ سے علمی عجائب و غرائب اور کمالات و کرشمات کا ظہور و انکشاف ہوا۔

(مطالب السئول ۔ص ۱۷۲)

آپ بتاریخ ۱۷ ربیع الاول ۸۳ھ یوم دوشنبہ مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے آپ کا اسم گرامی جعفر، آپ کی کنیت ابُوعبداللہ اور آپ کا لقب صادق، طاہر، فاضل، صابر تھا۔ آپ بارہ ائمہ معصومین میں سے تھے ۔ اور بڑے ثقہ فقیہ اور جید حافظ تھے ۔آپ کی ولادت کے وقت عبدالملک، ہشام بن عبدالملک، ولید بن یزید، عمر بن عبدالعزیز ۔یزید بن عبدالملک، یزید الناقص ابراہیم بن ولید اور مروان الحمار علی الترتیب خلیفہ مقرر ہوئے۔ مروان الحمار کے بعد سلطنت بنی اُمیّہ کا چراغ گل ہو گیا۔ اور بنی عباسیہ نے حکومت پر قبضہ کر لیا۔ بنی عباس کا پہلا بادشاہ ابوالعباس سفاح اور اس کے بعد

اور اس کے بعد منصور بادشاہ ہوا۔

اسی منصور نے اپنی حکومت کے دو سال گزرنے کے بعد امام جعفر صادقؑ کو انگوروں میں زہر دلوا کر شہید کر دیا۔

حضرت امام جعفر صادق علم لدنی کے بھی عالم تھے ۔آپ ہی کے فیض صحبت سے جناب نعمان بن ثابت جن کی کنیت ابوحنیفہ تھی ۔نے علمی مدارج حاصل کئے۔

ان کے علاوہ یحییٰ بن سعید انصاری، ابن جریح، امام مالک، امام ابوسفیان ثوری، سفیان بن عینیہ اور ایوب سجستانی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ہی کے شاگرد تھے۔

(تاریخ ابن خلکان ۔ج ا ص ۱۳۰)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو چونکہ نشرِ علوم کا موقعہ مل گیا تھا لہٰذا آپ نے علمی افاذات کے دریا بہا دیئے۔

آپ کو جہاں دیگر علوم میں کمال حاصل تھے وہاں علم جفر جامع میں بھی یکتائے زمانہ تھے ۔تاریخ ابن خلکان جلد ا ص ۸۵ پر ہے کہ امام جعفر صادقؑ نے کیمیا، جفر اور رمل پر کئی کتابیں لکھیں۔

عجائب القصص نہیں لکھا ہے کہ امام جعفر صادق منطق الطیر یعنی پرندوں کی زبان سے بھی واقف تھے ۔جبکہ حضرت سلیمان علیہ السلام منطق الطیر کے ماہر تھے

امام جعفر صادقؑ منصور عباسی کے عہد میں بتاریخ ۱۵ شوال ۱۴۸ھ بعمر ۶۵ سال زہر کھا جانے سے دار فانی سے دار جاودانی کو کوچ کر گئے ۔اور جنت البقیع میں دفن کئے گئے۔

*

اصطلاحات جفر

امام جعفر الصادق علیہ السلام فرماتے ہیں ۔

- ہمارے پاس جفر ابیض ہے ۔
- جفر احمر ہے ۔
- جفر اکبر ہے ۔
- جفر اصغر ہے ۔
- جفر جامعہ ہے ۔
- جفر خافیہ ہے ۔
- جفر الحروف والاعداد ہے ۔
- صحیفۂ فاطمہؑ ہے
- کتاب علیؑ ہے ۔
- علم اخبار بالجفر ہے ۔

یہ علوم اسرار الٰہی ہیں ۔ جو ہم پر نازل کیے گئے ۔ یہ علوم ہمارے معجزات میں شمار ہوتے ۔ اور ہم نے وارث العلوم الاولین والآخرین احمد مجتبےٰ حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ورثہ میں بھی بہت کچھ پایا ہے ۔ جسے جانتا اور سمجھنا ہر کسی کے ذوق و شوق اور کشف پر منحصر ہے ۔

حضرت امام نے جو کچھ فرمایا حقیقت پر مبنی ہے کہ انسان کا آئینہ دل صیقل اور ذہن کامل ہو تو ان علوم کو سمجھا جا سکتا ہے ورنہ مشکل ہے ۔ بہر حال حسب خیال

خیال سے میں نے یہ کتاب ترتیب دی ہے ۔ اس میں رموز جفر مبتدی کے لیے بڑے آسان پیرائے میں بیان کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا ۔ میں اپنی کوشش میں کہاں تک کامیاب رہا ہوں اس کا فیصلہ خود قارئین کریں گے جبکہ میں اللہ کا نام لے کر ابتدا اصطلاحات جفر سے کرتا ہوں ۔

ابجد ہوز } علم جفر جامع کی بنیاد حروف ابجد، ہوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت پر رکھی ہے ۔ اسے ابجد قمری بھی کہتے ہیں ۔

حروف شمار } کسی عبارت کے حروف کو شمار کرنا ۔ اور جو تعداد حروف ہو اسی کو عدد سمجھ کر اس کے حروف بنانا ۔

بسط حرفی } الفاظ کو علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھنا ۔ مثلاً محمدؐ کا بسط حرفی م ح م د ہے ۔

حروف مستحضرہ } جو حروف سوال سائل اور طالع وقت وغیرہ سے حاصل ہوں

حروف حاصلہ یا مستحصلہ :۔ جو حروف بسط وغیرہ سے حاصل کیے گئے ہوں

حروف ملفوظی } ابجد کے وہ حروف جو تلفظ میں سہ حرفی ہوں مگر پہلا اور تیسرا حرف ایک جیسا نہ ہو مختلف ہوں ۔ وہ تعداد میں ۱۳ ہیں ۔
ا ، ج ، د ، ذ ، س ، ش ، ص ، ض ، ع ، غ ، ق ، ک ، ل

حروف مکتوبی } وہ حروف جو تلفظ میں سہ حرفی ہوں مگر پہلا اور تیسرا حرف ایک ہی ہو ۔

حروف مسروری } دو حرفی نام والے حروف ۔ یہ بارہ ۱۲ ہیں ۔
با ۔ تا ۔ ثا ۔ حا ۔ خا ۔ را ۔ زا ۔ طا ۔ ظا ۔ فا ۔ ھا ۔ یا ۔

استخباء } اس میں حروف کی جماعت بندی کر کے پھر ان بالترتیب امتزاج دیتے ہیں۔ ترتیب درج ذیل ہے۔

ملفوظی ۔ مکتوبی ۔ مسروری

حروف نُورانی } وہ حروف ہیں جو قرآن شریف کی بعض سُورتوں کے شروع میں آتے ہیں۔ ان کو حروف مقطعات بھی کہتے ہیں۔ وہ چودہ حروف ہیں

ا، ہ، ح، ط، ی، ک، ل، م، ن، س، ع، ص، ق، ر

حروف ظلمانی ۔ وہ حروف جو رانی کے علاوہ ہیں

ب، ج، د، و، ز، ف، ش، ت، ث، خ، ذ، ض، ظ، غ

حروف صامت ۔ جو بے نقطہ حروف ہیں اور ۱۳ ہیں۔

ا، ح، د، ر، س، ص، ط، ع، ک، ل، م، و، ہ

حروف ناطق ۔ منقوطہ حروف ہیں اور وہ ۱۵ ہیں۔

ب، ت، ث، ج، خ، ذ، ز، ش، ض، ظ، غ، ف، ق، ن، ی

حروف تواضیہ ۔ جن کے ہم شکل اور حروف ہوں، جیسے۔

ب، ج، د، ز، س، ص، ط، ع

حروف غیر تواضیہ ۔ جن کی صورت کے اور حروف نہ ہوں اور وہ دس ہیں
ا، ف، ق، ک، ل، م، ن، و، ہ، ی باقی ۱۸ حروف تواضیہ ہیں

حروف ضمرانیت ۔ یہ پانچ حروف ہیں ۔ لوح محفوظ پر مرقوم ہیں۔ ان کا مجموعہ اَجُوُمَن ہے باقی حروف تہجی حروف کے اعوجاج اشکال سے پیدا ہوتے ہیں۔

جدول مراتب **عناصر** موافق عنصر کو اس کے موافق عنصر کے اسی مرتبہ میں ضم کر دینا۔

حروف نورانی اور سبعہ سیارگان ۔ حروف نُورانی کی سات سیاروں پر تقسیم کرتے ہیں۔ جس کی ترتیب درجِ ذیل ہے۔

زحل ۔ الم، الص، الر
مشتری ۔ الر ۔ الر ۔ الر ۔ الر
مریخ ۔ الر ۔ کہیعص ۔ طہ ۔ طسم
شمسی ۔ طس ۔ طسم ۔ الم ۔ الم
زہرہ ۔ الم ۔ الم ۔ یٰس ۔ ص
عطارد ۔ حم ۔ حم ۔ حمعسق ۔ حم
قمر ۔ حم ۔ حم ۔ حم ۔ ق ۔ ن

غیر مکرر الر ۔ کہیعص ۔ طس، حم، ق، ن اور اسی طرح تمام ستارے جو چاروں طرف سرگرم سفر میں چار طبائع پر ہیں ۔ اس کی تشریح جدول عناصر حروف نورانی وظلمانی دیکھئے۔

نقشہ اگلے صفحہ پر

عناصر	حروف نورانی	حروف ظلمانی
آتشی	ا، ہ، ط م	ف ش ذ
بادی	ی ن ض	ب و ت ص
آبی	ک س ق	ج ز ث ظ
خاکی	ح ل ع ر	د خ غ

اطراف مندرجہ ذیل طریقہ سے معلوم کرتے ہیں۔ جس عنصر کا نقش ہو اس جانب کرتے ہیں۔ بشرطیکہ رجال، الغیب کا بھی لحاظ ہو۔

عنصر	آتشی شرقی	بادی غربی	آبی جنوبی	خاکی شمالی
بروج	حمل۔ اسد۔ قوس	ثور۔ سنبلہ۔ جدی	جوزا۔ میزان۔ دلو	سرطان۔ عقرب۔ حوت
ستارہ	مرغ۔ شمس۔ مشتری	زہرہ۔ عطارد۔ زحل	عطارد۔ زہرہ۔ زحل	قمر۔ مریخ۔ مشتری

جفّار کے نزدیک عناصر کی ترتیب یہ ہے۔ آتش۔ خاک۔ باد اور آب۔ جفر کے ان عملیات میں جن میں بروج اور کواکب کے حروف یا موکلات لیے جائیں ان میں جفار کے طریقہ سے عمل کرتے ہیں۔

اعراب دینے کا طریقہ یہ ہے کہ مرکبات حروف، موکلات واعوان کو پڑھنے کے درج ذیل طریقہ سے اعراب دیئے جاتے ہیں۔

پیش کے حروف۔ آتشی۔ اُ ھُ۔ طُ مُ فُ شُ

زبر کے حروف۔ بادی۔ وَ یَ نَ صَ تَ

زیر کے حروف۔ خاکی۔ دِ۔ حِ۔ لِ۔ عِ۔ رِ۔ نِ۔ خِ

اگر کوئی جزم والا شروع میں آجائے تو اس کو زیر دے دیں

جزم کے حروف۔ خاکی۔ د۔ ح۔ ل۔ ع۔ ر

اسم الٰہی یا کسی اسم کے سرحرف کے مطابق موکل لینا ہو تو جدولِ حروف ابجدی مع موکلات دیکھیں جو درج ذیل ہے۔

حروف	ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
حروف کے مؤکل	اسرافیل	جبرائیل	کلکائیل	دردائیل	دوربائیل	رفتمائیل	شرکائیل	تنکفیل	اسمعائیل	سرکتائیل	حمورائیل	طاطائیل	روبائیل	حولائیل
اعداد موکل	۳۴۲	۲۴۶	۱۱۲	۲۵۰	۲۴۲	۴۶۲	۳۶۲	۵۹۰	۱۲۴	۴۳۳	۲۲۴	۷۱	۲۸۸	۸۶
مزاج حرف	آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی	بادی
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰
حروف کے مؤکل	ہمواکیل	لوmائیل	سرحمائیل	اہجمائیل	عطرائیل	امواکیل	ہمرائیل	عزرائیل	میکائیل	مہکائیل	اہرائیل	عطکائیل	انورائیل	لوخائیل
اعداد موکل	۱۲۲	۲۴	۳۰۹	۹۱	۳۳۱	۱۰۳	۲۸۷	۳۱۹	۱۴۲	۱۰۸	۲۴۳	۱۳۱	۲۸۷	۸۴۶
مزاج حرف	آبی	خاکی	آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی	بادی	آبی	خاکی

اساس ۔ سوال کا جواب نکالنے میں ابتدائی منازل طے کر کے جو سطر حروف تیار ہوتی ہے اور خانہ بندی کر کے لکھی جاتی ہے اسے اساس کہتے ہیں:۔

نظیرہ ۔ اساس کے حروف کے نیچے دوسری سطر میں ایسے حروف لکھنا جو ترتیب ابجد میں پندرہواں حرف ہو مثلاً

اساس ۔ ا ب ج د = نظرہ
نظیرہ ۔ س ع ف ص = اساس

زبر و بنیات ۔ اصطلاح جفر میں ہر قسم کے حروف کے ناموں سے پہلا حرف زبر باقی بنیات کہلاتے ہیں ۔ ملفوظی اور مکتوبی میں دو دو بنیات ہیں ۔ باقی مسروری میں ایک وہ بھی حرف الف جو قابل اعتبار نہیں ۔

استنطاق ۔ اعداد سے حروف پیدا کرنا ۔ مثلاً اعداد ۲۲۲ حروف ب ک ر

اعداد بلحاظ طاق و جفت چار قسم پر ہیں ۔ اعداد طاق کو فرد اور جفت کو زوج کہتے ہیں ۔

فرد الفرد ۔ وہ عدد ہے کہ فرد عددوں کے درمیان ایک فرد ہو ۔ مثلاً ۳ = ۱۱۱
= ا ج ہ ز ط ی ل ن ع ص ش ق ث ذ ظ غ

زوج الزوج ۔ وہ عدد ہے کہ دو زوج عددوں کے درمیان ایک فرد ہو مثلاً
۵ = ۲۱۲ ی ل ف ع ص ق ش ث ذ ظ

زوج الفرد ۔ وہ عدد ہے کہ ایک زوج درمیان دو فرد کے ہو ۔ مثلاً
۴ = ۱۲۱ ک م س ف ر ت خ ض

اعداد تامہ ۔ وہ عدد جس کا نصف ربع ۔ خمس پورا ہو سکے اور مسدس وغیرہ سے جو عدد بچے وہ اصل عدد سے مشابہ ہو جیسے ۴۰

اعداد زائدہ ۔ جس کا نصف وغیرہ پورا نہ ہو جیسے ۴۱

اعداد ناقصہ ۔ جو تین پر تقسیم ہو سکے جیسے ۱۵ اور اس کا نصف پورا نہ ہو ۔

مدخل کبیر ۔ کسی کلمہ یا عبارت کے اعداد ابجدی لے کر ان کو جمع کرنا ۔ اس کو وقف بھی کہتے ہیں ۔

مدخل وسیط ۔ مدخل کبیر کے دائیں طرف سے ایک درجہ کم کر کے دوسرے درجہ میں جمع کرنا مثلاً ۱۳۲ مدخل کبیر اور ۱۵ مدخل وسیط ہوگا ۔

مدخل صغیر ۔ مدخل وسیط میں یہی عمل کرنا مثلاً ۱۵ مدخل وسیط اور ۶ مدخل صغیر ہوگا ۔

مدخل اصغر ۔ صغیر میں یہی عمل کرنا ۔

مدخل کبیر = ۱۳۲
مدخل وسیط = ۲ + ۳ = ۱۵
مدخل صغیر = ۵ + ۱ = ۶

عموماً پہلے تینوں مداخل پر عمل ختم ہو جاتا ہے ۔ ان کو مداخل ثلاثہ کہتے ہیں

استخراج ۔ سوال سائل سے جواب نکالنا

تخلیص ۔ حروف سوال سے مکرر حروف گرا دینا ۔

طالع وقت ۔ سوال سائل کے وقت آفتاب کس برج میں ہے اور کتنے درجے طے کر چکا ہے ۔

منسوب ۔ تکسیر کی سطور کو دائیں سے بائیں پڑھنا ۔

مقلوب ۔ تکسیر کی سطور کو بائیں سے دائیں پڑھنا ۔

عمق ۔ تکسیر کی سطور کو اوپر سے نیچے پڑھنا ۔

عرض ۔ تکسیر کی باقی سطور کو اوپر سے نیچے یا نیچے سے اوپر پڑھنا ۔

اوتاد ۔ زائچہ نجوم کا ۱-۴-۷-۱۰ خانہ اوتاد کہلاتا ہے ان سے مسائل کے احکام

زمانہ حال استخراج ہوتے ہیں۔

مائل اوتاد۔ زائچہ نجوم کا ۲-۵-۸-۱۱ خانہ حالات مستقبل ظاہر کرتا ہے۔

زائل اوتاد۔ زائچہ نجوم کا ۳-۶-۹-۱۲ خانہ اس سے احکام ماضی معلوم ہوتے ہیں۔

فائدہ۔ حروف ابجد میں سطر (مستحصلہ یا مستخفرہ میں پہلا حرف اوتاد دوسرا مائل اوتاد اور تیسرا زائل اوتاد گنتے ہیں اور بترتیب حالات حال، ماضی اور مستقبل معلوم کرتے ہیں۔

اعداد مجمل۔ ابجد قمری سے لیے جاتے ہیں۔

اعداد مفصل۔ ابجد ملفوظی قمری سے لیے جاتے ہیں جیسے الف با تا۔

اعداد مبسوط۔ ابجد عربی عددی سے لیے جاتے ہیں۔

ابجد شمسی۔ اب ت ث ج ح خ والی کہلاتی ہے۔

ابجد قمری۔ ابجد ہوز حطی کو کہتے ہیں۔

قرآن السطرین۔ سطور کے امتزاج کو کہتے ہیں۔ ایک حرف ایک سطر کا لے کر اور دوسرا حرف دوسری سطر کا لے کر ملاتے ہیں۔ مثلاً احمد اور علی کے نام کو ملانا ہے۔ ملانے والی سطر کو قرآن السطرین کہتے ہیں۔

زاید النور۔ عروج ماہ کو زاید النور کہتے ہیں یعنی چاند کے پہلے ۱۴ دن۔

کسیر النور۔ چاند کے باقی چودہ دنوں کو کسیر النور کہتے ہیں۔ ان دنوں کو ناقص النور بھی کہا جاتا ہے۔

زاید النور میں اعمال خیر اور ناقص النور میں اعمال شر تیار کرتے ہیں۔

بسط حرفی۔ الفاظ کو علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھنا

اقسام کسر۔ علم جفر میں کسر کی دو قسمیں ہیں

۱۔ منطق

۲۔ اصم

منطق کسور:۔ تسعہ مشہودہ کو کہتے ہیں۔ یعنی اس کے نصف، تیسرا حصہ، چوتھائی، پانچواں، چھٹا۔ ساتواں، آٹھواں نانواں اور دسواں حصہ ہو سکیں۔

امہات الکسور۔ دس حصوں تک کی تم کسور کو امہات الکسور کہتے ہیں۔

اصم۔ وہ کسر ہے جس کی تعبیر بغیر جزو کے ممکن نہ ہو اور وہ منطق کسور کے علاوہ ہوں۔ مثلاً ۲۲۰ کا بائیسواں جزو دس ہوئے اور چوالیسواں پانچ ہوئے۔

اقسام اعداد۔ بنا بر حصر عقلی کے عدد کی تین قسمیں ہوتی ہیں۔

۱۔ تام

۲۔ زاید

۳۔ ناقص

حصر کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔

۱۔ حصر عقلی

۲۔ حصر استقرائی

حصر عقلی۔ جو نفی و اثبات کے اندر واقع ہو مثلاً جو عدد فرض کیا جائے گا وہ تین طرح سے خالی نہیں ہوتا۔ یا تو اس کے اجزاء صحیحہ بسیط مساوی ہوں گے اگر مساوی ہوں گے تو وہ عدد تام کہلائے گا۔ اگر ادی ہیں تو لازمی ہے کہ اصل عدد سے وہ کم ہوں یا زیادہ تو اگر

کم ہوں گے تو عدد ناقص کہلائے گا۔ اگر زیادہ ہوں گے تو عدد زائد کہیں گے۔ اس طرح سے جو تقسیم واقع ہوتی ہے۔ عقلاً کل اقسام کا حصر اس میں آجاتا ہے۔ اس میں کسی قسم کی کسر کے باقی رہنے کا احتمال نہیں ہوتا۔

حصہ استقرائی ۔ اس کو کہتے ہیں جس میں اقسام شخص بلیغ جمع کریں۔

تناسب اعداد ۔ اعداد کے اندر چار قسم کی نسبتیں قائم ہوتی ہیں۔

۱۔ متماثل　　۲۔ متداخلین

۳۔ متوافق　　۴۔ متبائنین

مذکورہ بالا چاروں نسبتوں کو تناسب اعداد کہتے ہیں۔

متماثل ۔ وہ اعداد ہیں جو آپس میں مساوی ہوں۔ مثلاً ۲ دو اور ۲ دو۔ چار اور چار وغیرہ

متداخل ۔ وہ اعداد جو آپس میں مساوی نہ ہوں بلکہ ایک کم ہو دوسرا زیادہ اگر ایک اقل اس کثرت کو فنا کر دے اور وہ مساوی تقسیم ہو جائے تو ان میں نسبت تداخل ہوگی۔ مثلاً چار اور آٹھ کے درمیان۔ بیس اور سو کے درمیان نسبت تداخل ہے۔ اس لیے کہ تقسیم کے بعد ایک عدد اقل فنا ہو جاتا ہے۔

متوافق ۔ اگر دونوں اعداد کا اقل کثر کو فنا نہ کرے بلکہ ایک ایسا عدد ثالث نکل آئے جو دونوں کو فنا کر دے۔ اس طرح کہ مقسوم علیہ کو باقی پر تقسیم کرتے جائیں یہاں تک کہ باقی کچھ نہ بچے۔ تو ہم اس عدد ثالث کو پالیں گے۔ جس سے دونوں عدد تقسیم ہو جاتے ہیں۔ اس لیے اگر ان دونوں اعداد کے درمیان عدد ثالث نکل آیا تو ان میں نسبت متوافق قرار پائے گی۔ اور جو کسر کہ اس عدد ثالث کی مخرج ہوگی وہی وفق ان عددین متوافقین

کا ہوگا۔ مثال کے طور پر۔

عدد ۲۸ ، ۱۰۰ میں نسبت نکالنی ہے۔ ہم ایک سو کو ۲۸ پر تقسیم کریں گے۔ تو حاصل قسمت ۳ اور باقی ۱۶ بچے۔ پھر ۲۸ مقسوم علیہ کو ۱۶ پر تقسیم کیا۔ پھر ۱۶ مقسوم علیہ کو ۱۲ پر تقسیم کیا تو باقی بچے چار۔ پھر ۱۲ مقسوم علیہ کو ۴ پر تقسیم کیا تو باقی صفر بچا۔

تبائن ۔ اگر دونوں عدد فنا نہ ہوں بلکہ تقسیم کے بعد بھی کچھ باقی رہے تو ان دونوں اعداد میں نسبت تبائن قرار دیں گے۔ مثلاً ۱۳ اور ۸ کا عدد لیں۔ ۱۳ کو ۸ پر تقسیم کیا باقی بچے ۵ ، ۸ کو پانچ پر تقسیم کیا تو باقی بچے تین۔ ۵ کو ۳ پر تقسیم کیا باقی بچے دو۔ ۳ کو ۲ پر تقسیم کیا تو باقی بچا ۱۔

اسمائے حسنہ

اللہ تعالےٰ کے نام بڑے پاک ہیں - اسمائے باری تعالےٰ اسم اعظم ہیں - اللہ تعالےٰ کو اُس کے پاک ناموں سے پکارنا چاہیئے - ان کے بڑے فضائل و فوائد ہیں -

اسم ذات یعنی اسم، اللہ کے اعداد ۶۶ ہیں - اولیاء کاملین کے نزدیک یہی اسم اعظم ہے - قرآن مجید میں اسم دو ہزار تین سو ساٹھ مرتبہ آیا ہے - سلوک و طریقت کے تمام سلسلے تصور اسم ذات کا کلیدی و مرکزی اہمیت و حیثیت دیتے ہیں عالم بننے کے لیے چار ہزار بار روزانہ با پرہیز با وضو اسمائے جلالی و جمالی چالیس دن پڑھیں اگر موکل چالیس دن قواعد سے پڑھا جائے تو موکل حاضر ہو کر جملہ حاجات میں مدد دیتا ہے اور ہر حکم بقید شرعی بجالاتا ہے

اسمائے حسنہ کی جلالت و جمالت

ہر وہ اسم جس کو ابتدا میں مندرجہ ذیل سطور میں سے پہلی سطر کے حروف آئیں جلالی ہوتا ہے

حروف جلالی -

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
ا	ل	م	ص	و	ن	ہ	ی	ع	ط	س	ح	ق	ک

حروف مشترک جلالی و جمالی -

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ث	ج	خ	د	ش	ظ	ف

حروف جمالی -

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ب	ت	ر	ز	ض	غ	ذ

قَالَ اللّٰہُ تَبَارَكَ وَتَعَالیٰ وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنیٰ فَادْعُوْہُ بِھَا۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کو اس کے پاک ناموں سے پکارنا دافع بلیات ہے: ناقابل علاج بیماریوں کا شافی علاج ہے۔ ہر مشکل میں آسانی کی کلیہ ہے۔

اسمائے حسنیٰ	معانی	تعداد ابجد	اعداد ملفوظی	فطرت	عنصر	خواص اسم
الله	اسم ذات ہے	۶۶	۲۵۹	جلالی	آتشی	جملہ مقاصد کے لیے
الرحمن	بلا مزد رحمت کرنے والا	۲۹۸	۴۰۶	جمالی	خاکی	موجب رحمت پروردگار عالم
الرحیم	رحمت سے اجر دینے والا	۲۵۹	۲۱۱	جمالی	خاکی	برائے فلاح دارین
الملك	بادشاہ مطلق	۹۰	۲۶۲	مشترک	خاکی	برائے قیام ملک
القدوس	جمیع عیب و نقصان سے طاہر	۱۷۰	۲۲۹	جمالی	آبی	برائے صفائی باطن
السلام	سلامت رکھنے والا	۱۳۱	۳۹۲	جمالی	بادی	برائے شفائے مرض و سلامتی
المومن	بے خوف کرنے والا	۱۳۶	۲۹۹	جمالی	آتشی	برائے تحفظ از شر جن و انس
المہیمن	جمیع نہاں و آشکار کا شاہد	۱۴۵	۲۰۲	جمالی	آتشی	برائے اطلاع اسرار حقائق
العزیز	غالب۔ عزت دینے والا	۹۴	۱۵۷	جمالی	آتشی	برائے عزت و وسعت رزق
الجبار	غلبہ و جبر والا	[illegible]	۲۶۸	جلالی	آتشی	برائے امان و مغلوبی دشمن
المتکبر	اپنی بزرگی ظاہر کرنے والا	۶۶۲	۷۹۶	جلالی	خاکی	برائے بزرگی و دفع دشمناں
الخالق	پیدا کرنے والا	۷۳۱	۹۶۴	جلالی	خاکی	برائے نور قلب و استقرار حمل
الباری	صفت و ناصیت کا پیدا کرنیوالا	۲۱۳	۳۲۶	مشترک	آتشی	برائے سکون و رغبت طلب حقیقت
المصور	صورت نقش کرنے والا	۳۳۶	۳۹۹	جمالی	آتشی	برائے زن عقیمہ
الغفار	بخشنے والا	۱۲۸۱	۱۴۵۳	جمالی	آتشی	برائے مغفرت و عفو گناہاں
القہار	مسلمت قہر نازل کرنیوالا	۳۰۶	۴۹۹	جلالی	خاکی	برائے ترک زیادتی و مقہوری دشمناں
الوہاب	بے غرض بخشنے والا	۱۴	۱۳۳	جمالی	آتشی	برائے توسیع رزق و حصول مقاصد
الرزاق	رزق دینے والا	۳۰۸	۵۰۱	جمالی	آتشی	برائے توسیع رزق
الفتاح	ہر کار بستہ کھولنے والا	۴۸۹	۶۰۲	جلالی	آتشی	برائے انشراح قلب و فتح کارہا

اسمائے حسنیٰ	معانی	تعداد ابجد	اعداد ملفوظی	فطرت	عنصر	خواص اسم
العلیم	ہر شے سے باخبر	۱۵۰	۲۰۲	جمالی	خاکی	برائے حصول معرفت و انکشاف امور
القابض	حکمت کے سبب تنگی کرنے والا	۹۰۳	۱۱۰۰	جلالی	بادی	برائے تحفظ دشمناں و دفع اعداد
الباسط	رزق کھولنے والا	۷۲	۲۴۴	جمالی	بادی	برائے وسعت رزق
الرافع	رفعت دینے والا	۳۵۱	۵۲۳	جمالی	بادی	برائے رفعت و تونگری
الخافض	پست کرنے والا	۱۴۸۱	۱۵۹۸	جلالی	آتشی	برائے دفع اعدا
المعز	عزت دینے والا	۱۱۷	۲۲۸	جمالی	خاکی	برائے عزت و ہیبت
المذل	ظالم کو ذلیل کرنے والا	۷۷۰	۸۹۲	جلالی	آتشی	برائے تذلیل دشمناں
السمیع	سننے والا	۱۸۰	۳۵۱	جمالی	آتشی	برائے استجابت دعا
البصیر	دیکھنے والا	۳۰۲	۳۱۰	جمالی	خاکی	برائے بصارت قلب و حصول عنایات خدا
الحکیم	صاحب حکمت	۷۸	۲۱۱	جلالی	آتشی	برائے تنگی معیشت قرض و غربت
العدل	انصاف کرنے والا	۱۰۴	۲۳۶	مشترک	آتشی	برائے خلاصی شر ظالمان
اللطیف	پاکیزہ اور مہربان	۱۲۹	۱۷۳	جمالی	آتشی	برائے دفع شدت و سختی
الخبیر	ہر نہاں اور آشکار سے باخبر	۸۱۲	۸۱۶	جمالی	آتشی	برائے اطلاع اسرار پوشیدہ
الرقیب	ہر چیز کا حال دیکھنے والا	۳۱۲	۲۹۶	جمالی	آتشی	برائے دفع دشمن قوی
الحلیم	بردبار	۸۸	۱۸۱	جمالی	آبی	دفع غضب و جور و تسخیر خلق
المجیب	دعا کا قبول کرنے والا	۵۵	۱۵۷	جمالی	بادی	برائے قبولیت دعا
الواسع	وسعت دینے والا	۱۳۷	۱۷۴	جمالی	آتشی	برائے وسعت رزق و فتح کارہا
الحکم	فیصلہ اور درست گفتگو والا	۶۸	۲۰۰	جمالی	خاکی	برائے حکومت و اجرائے حکم
الودود	نیکوں کا دوست	۲۰	۹۶	جمالی	آتشی	برائے الفت و محبت
العظیم	بزرگ تر	۱۰۲۰	۱۱۳۲	مشترک	آبی	برائے عظمت و بزرگی
الغفور	بخشنے والا	۱۲۸۶	۱۲۵۵	جمالی	خاکی	برائے دفع وسواس و عفو گناہان
الشکور	نیکوں کا شکر قبول کرنیوالا	۵۲۶	۶۷۵	جمالی	خاکی	برائے شفائے امراض
العلی	سب سے برتر	۱۱۰	۲۱۲	جمالی	خاکی	برائے علو مراتب
الکبیر	سب سے بڑا	۲۳۲	۳۱۶	جمالی	آتشی	برائے عزت و بزرگی و دبدبہ
الحفیظ	نگہبان	۹۹۸	۱۰۰۲	جمالی	خاکی	برائے تحفظ آسیب و اجنہ و دشمناں
المقیت	قوت دینے والا	۵۵۰	۶۸۳	جمالی	آتشی	برائے صبر بر جوع و دفع شدائد
الحسیب	حساب کرنے والا	۸۰	۴۳	مشترک	آتشی	برائے امان خوف و حصول مدعا
الجلیل	بزرگ	[illegible]	۲۰۶	جلالی	آتشی	برائے عزت و حرمت قدر و منزلت

الکبیر	کرم کرنے والا	۲۷۰	۳۰۲	جمالی	خاکی	برائے بزرگی و وسعتِ رزق
المجید	سب سے بزرگ	۵۷	۱۸۹	جمالی	آتشی	برائے شغلِ عقل و استقام
الباعث	اسباب پیدا کرنیوالا	۷۳	۷۴۵	مشترک	آتشی	برائے انشراحِ قلب و حصولِ مقاصد
الشہید	مُردوں کو زندہ کرنے والا	۳۱۹	۴۱۲	مشترک	بادی	برائے قبولیت و اطاعتِ زنان
الحق	سچا ۔ ثابت	۱۰۸	۱۹۰	مشترک	آتشی	برائے تزکیہ نفس و حصولِ گمشدہ
القوی	پوری قدرت رکھنے والا	۱۱۶	۲۰۵	جلالی	آتشی	برائے قوت و غلبہ و دفعِ دشمنان
الوکیل	کام کرنے والا نگہبان	۶۶	۱۹۶	جمالی	خاکی	برائے مقاصدِ بزرگ و کفایتِ دشمنان
المتین	قوت والا ۔ توانا	۵۰۰	۶۰۸	جلالی	آتشی	برائے شفقتِ سلطان
الولی	نیکوں کا دوست	[illegible]	۹۵	جمالی	خاکی	برائے فتوحِ غیبی
الحمید	پاک صفات والا	۶۲	۱۴۵	جمالی	خاکی	برائے حصولِ اوصافِ حمیدہ
المحصی	شمار کرنے والا	۱۴۸	۲۰۵	جمالی	آتشی	برائے آسانیِ حساب و دفعِ نسیان
المبدی	عدم سے عالم وجود میں لانیوالا	۵۶	۱۳۹	جلالی	آتشی	برائے تمام امور و حصولِ اولاد
المعید	وعدہ کرنے والا	۱۲۴	۲۶۶	جلالی	آتشی	برائے حصولِ گمشدہ اور واپسی گریختہ
المحیی	زندہ کرنے والا	۶۸	۱۳۱	جمالی	آتشی	برائے توہم از سلطان و دفعِ ہموم
الممیت	مُردہ کرنے والا	۴۹۰	۵۹۲	جلالی	آتشی	برائے اطاعتِ نفس و دفع [illegible]
الحی	ہمیشہ زندہ رہنے والا	۱۸	۲۰	جلالی	آتشی	برائے حصولِ شفا و تحفظِ مرگ
القیوم	ہمیشہ قائم	۱۵۶	۲۹۵	جلالی	آتشی	برائے قبولیتِ دعا و حصولِ راحت
الواجد	یکتا کاموں کا بنانیوالا	۱۴	۲۱۲	جمالی	خاکی	برائے نورانیِ قلب و فراوانیِ نعمت
الماجد	بزرگی عطا کرنے والا	۴۸	۲۸۹	جمالی	خاکی	برائے نورِ باطن
الواحد	یکتا و تنہا	۱۹	۱۶۸	مشترک	بادی	برائے مہمات و شفائے بیمار
الاحد	خدائی میں تنہا	۱۳	۱۵۵	جمالی	آتشی	برائے ظہورِ ملائکہ
الصمد	پاک بے نیاز	۱۳۴	۲۲۰	جمالی	خاکی	برائے وسعتِ رزق
القادر	قدرت والا	۳۰۵	۸۲۸	جلالی	آتشی	برائے قدرت و غلبہ و نصرت
المقتدر	تقدیر کرنے والا	۷۴۴	۱۲۰۸	جلالی	آتشی	برائے غلبہ بر دشمن و نصرت
المقدم	آگے کرنے والا	۱۸۴	۳۹۶	مشترک	آتشی	برائے دفعِ خوف
المؤخر	پیچھے کرنے والا	۸۴۶	۹۰۵	مشترک	خاکی	برائے محبتِ خدا و عفوِ گناہاں
الاول	پہلے سب سے	۳۷	۱۹۵	مشترک	آتشی	برائے احضارِ غائب و طلبِ فرزند
الآخر	سب کے آخر قائم رہنے والا	۸۰۱	۹۱۳	مشترک	آتشی	برائے حصولِ ایمان و [illegible] تصرف

الظاہر	کھلی ہوئی ہستی والا	۱۱۰۶	۱۱۱۸	مشترک	خاکی	برائے اظہارِ امرِ مخفی و روشنیِ چشم
الباطن	پنہاں	۶۲	۲۲۰	مشترک	خاکی	برائے اظہارِ اسرار
الوالی	کارساز ۔ وارث	۴۷	۲۰۶	مشترک	بادی	تحفظِ مکان از زلزلہ و صاعقہ
المتعالی	بزرگ و برتر	۵۵۱	۸۱۴	مشترک	بادی	برائے علوِ مرتبت و تحفظِ شیاطین
البر	نیکو کار	۲۰۲	۲۰۴	جمالی	خاکی	نجاتِ آفات و حصولِ مناصب
التواب	توبہ قبول کرنے والا	۴۰۹	۶۰۶	جمالی	آتشی	برائے عفوِ گناہاں و تحفظِ بلاہا
المنتقم	انتقام لینے والا	۶۳۰	۸۶۸	جلالی	آتشی	برائے انتقامِ ظالم
المنعم	نعمت دینے والا	۲۰۰	۴۱۶	مشترک	خاکی	برائے حصولِ نعمت
العفو	گناہ معاف کرنیوالا	۱۵۶	۲۲۴	جمالی	آتشی	برائے عفوِ گناہاں
الرؤف	درگزر کرنے والا	۲۸۶	۲۹۵	جمالی	آتشی	برائے لطف و مہربانی
مالک الملک	تمام خلقت کا مالک	۲۱۲	۷۱۶	جلالی	آتشی	برائے قبولیتِ دعا برائے تمنا
ذوالجلال	صاحبِ عظمت	۸۰۱	۱۲۳۲	جلالی	آتشی	برائے عظمت
والاکرام	صاحبِ عزت و بخشش	۲۹۹	۸۰۹	جلالی	آتشی	برائے بزرگی
ذوالجلال والاکرام	صاحبِ عظمت و بزرگی	۱۱۰۰	۲۰۴۱	جلالی	آتشی	برائے حصولِ عزت و مرتبہ
الرب	پروردگار	۲۰۲	۲۰۴	جلالی	آتشی	برائے تحفظِ اولاد
المقسط	انصاف کرنے والا	۲۰۹	۴۰۱	جلالی	آتشی	برائے دفعِ وسواس و خیالاتِ فاسدہ
الجامع	جمع کرنے والا	۱۱۴	۳۸۴	مشترک	خاکی	برائے دفعیہ فقر و غربت و افتراق
الغنی	بے پروا	۱۰۶۰	۱۱۷۷	مشترک	آتشی	برائے حصولِ تمنا
المغنی	بے نیاز	۱۱۰۰	۱۲۶۷	جمالی	آتشی	برائے حصولِ تونگری
المعطی	عطا کرنے والا	۱۲۹	۲۴۱	جلالی	آبی	برائے حصولِ مُراد
المانع	باز رکھنے والا	۲۰۱	۴۳۷	جلالی	آبی	برائے دفعِ دشمن
الضار	زیاں کرنے والا	۱۰۰۱	۱۱۱۷	جلالی	آبی	برائے دفعِ ضررِ دشمن
النافع	نفع پہنچانے والا	۱۶۱	۴۳۷	جمالی	آبی	برائے حصولِ منفعت
النور	روشن کرنے والا	۲۵۶	۳۲۰	مشترک	آبی	برائے نورِ قلب
الہادی	راہ دکھانے والا	۲۰	۱۶۳	جمالی	آبی	برائے حصولِ حکمت
البدیع	نادر پیدا کرنے والا	۸۶	۱۴۹	مشترک	خاکی	برائے حصولِ مناصب و مراتب
الباقی	ہمیشہ رہنے والا	۱۱۳	۳۰۶	جمالی	آبی	برائے بقائے [illegible]
الوارث	سب کے بعد رہنے والا	۷۰۷	۸۲۶	جلالی	آبی	برائے [illegible]

الرشید	رھنما یا عالم	۵۱۴	۶۰۷	مشترک	خاکی	تُورِ اُمورِ کلیۃ
الصبور	عذاب نازل کرنے میں بردبار	۲۹۸	۳۱۲	جمالی	بادی	برائے حصول صبر
الستار	چھپانے والا	۱۶۱	۸۳۳	جلالی	آبی	برائے پردہ پوشی عیب گناہ
النعیم	نعمت دینے والا	۱۷۰	۳۳۷	جمالی	خاکی	برائے حصول دولت
الوالی	قدرت میں برتر	۴۷	۲۰۶	مشترک	بادی	برائے اختیارات وقبضہ

اسمائے جمالی

یہ پینتالیس اسمائے باری تعالیٰ جو ذیل میں معہ تعداد دیئے گئے ہیں اسمائے رحمت کہلاتے ہیں۔ بلندی مرتبہ، کشائش رزق، حاکم وقت سے سرخروئی حاصل کرنے، فتح مندی جنگ، تسخیر، محبت اور دوستی کے عملیات میں کام دیتے ہیں۔

یارحمٰن ۲۹۸	یارزّاق ۳۰۸	یالطیف ۱۲۹	یاحکیم ۷۸	یامعطی ۱۲۹	یاماجد ۴۸	یانُور ۲۵۶	یااحد ۱۳	یارحیم ۲۵۸
یافتاح ۴۸۹	یاغفور ۲۸۶	یاحلیم ۸۸	یانافع ۲۰۱	یاصمد ۱۳۴	یاھادی ۲۰	یانعیم ۱۷۰	یاسلام ۱۳۱	یاباری ۲۱۳
یاشکور ۵۲۶	یاوُدُود ۲۰	یارشید ۵۱۴	یابرّ ۲۰۲	یاباقی ۱۱۳	یاضار ۱۰۰۱	یامھیمن ۱۴۵	یاباسُط ۷۲	یاکریم ۲۵۰
یاولیّ ۴۶	یاحیّ ۱۸	یاعفوّ ۵۶	یاواحد ۱۴	یاوھاب ۱۴	یامعزّ ۱۱۷	یاواسع ۱۳۷	یاغنی ۱۰۶۰	یاقیّوم ۱۵۶
یارؤف ۲۸۶	یاوکیل ۶۶	یامؤمن ۱۳۶	یاغفار ۱۲۸۱	یاحفیظ ۹۹۸	یاکفیل ۱۴۰	یامحی ۵۸	یاتواب ۴۰۹	یاصبور ۲۹۸

ان تمام ناموں سے یاباسط، یاسلام، یافتاح، یامعزّ، یالطیف یاکریم، یاواسع، سات اسمائے بلندی مراتب، کشائش رزق کے عملیات میں

کام دیتے ہیں۔ ان اسماء سے کام لینے کا عام طریقہ یہ ہے کہ صاحب حاجت اپنے نام اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد لیں اور اُس کے سر حرف سے جو نام باری تعالیٰ کا نکلتا ہے اس کے اعداد بھی لے لیں۔ اگر ان سات ناموں میں سے کوئی اسم سر حرف سے موافق نہ ہو تو سات ناموں کے اعداد حاصل کر لیں۔ پھر ان ناموں کے مؤکلات کے اعداد نکال کر کل تعداد کو جمع کر لیں۔ اور ساعت مشتری میں ایک نقش مربع تیسرے خانے سے پُر کریں۔ اس نقش کی گولی بنا کر آٹے میں لپیٹ کر روزانہ دریا میں ڈال دیا کریں۔ ۴۱ دن کا عمل ہے۔ رات کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق ان اسمائے باری تعالیٰ کا وِرد کریں۔ نقش کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

نقش

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

تسخیر حاکم وقت

یہ نو اسماء ہیں۔ یارحمٰن۔ یارحیم۔ یاحکیم۔ یاحفیظ یاحیّ۔ یاقیُّوم۔ یافتوح۔ یادافع۔ یاھادی

ان کا قاعدہ بھی اُوپر والے قاعدہ کی طرح ہے اپنا نام معہ والدہ اور حاکم کے نام کے اعداد نکال کر اس میں ناموں کے اعداد معہ مؤکلات شامل کر کے نقش مربع ساعت شمس میں پُر کریں۔ نقش گیارہویں خانہ میں پُر کرنا ہوگا۔ حاکم کے سامنے جاتے ہوئے اس نقش کو دائیں بازو سے باندھ لیں، انشاء اللہ حاکم مہربان ہوگا

نقش

۷۸۶

۱۶	۳	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

برائے صحت تندرستی

یا باسط - یا سلام - یا فتّاح - یا معزّ - یا لطیف

یا کوبیر - یہ سات اسماء بطریق مذکور نقش کے اُوپر لکھ کر یہ نقش لکھ کر بازو سے باندھیں - صحت و تندرست کے لیے اسم اعظم ہے اور پلایئں - نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

اسمائے جمالی

یہ اکیس نام باری تعالیٰ اسما ہیبت کہلاتے ہیں - اور بغض، عداوت، دشمنی، جدائی اور قہر و غضب کے عملیات میں کام دیتے ہیں۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھیے

یا عزیز ۹۴	یا جلیل ۷۳	یا مقتدر ۷۴۴	یا جبار ۲۰۶	یا قوی ۱۱۶	یا منتقم ۶۳۰	یا متکبر ۶۶۲
یا متین ۵۰۰	یا ذوالجلال ۸۰۱	یا قہار ۳۰۶	یا مبدی ۵۶	یا مقسط ۲۰۹	یا قابض ۹۰۳	یا معید ۱۲۴
یا مانع ۱۶۱	یا مذل ۷۷۰	یا ممیت ۹۰	یا وارث ۷۰۷	یا علی ۱۱۰	یا قادر ۳۰۵	یا مالک الملک ۲۱۲

جب بغض و عداوت کا عمل کرنا ہو تو ان ناموں میں سے ایک کو لیں اور دشمن کا نام معہ والدہ اور اسماء باری تعالیٰ معہ موکل کے اعداد حاصل کریں اور نقش مربع ساعت زحل میں خانہ ۹ سے شروع کریں۔ قمر اور عقرب میں لکھیں۔ جب نقش لکھ چکیں تو چوراہے یا پانی قبر یا ویران مکان کی مٹی لے کر ایک برتن میں رکھیں اور نقش کو درمیان میں رکھ کر اس برتن پر نام باری تعالےٰ معہ موکل ان کے اعداد کے مطابق پڑھیں اور کہیں "دشمن برباد ہو" تین دفعہ کہہ کر مٹی پر دم کریں اور دشمن کے گھر سے کسی ویرانے میں دفن کر دیں۔ دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔ مگر یاد رکھیں ایسے عملیات بلاوجہ و بلا قصور کرنے والا قابلِ مواخذہ ہوتا ہے۔

دیگر نقوش اسمائے حسنہ

الرَّحمٰن -

الرحمٰن کے اعداد ۲۹۸ ہیں - پریشان حال کے لیے اکسیر کا حکم رکھتے ہیں ہر نماز کے بعد اوّل و آخر درُود شریف گیارہ بار پڑھیں یا اپنے نام کے مطابق پڑھیں اور اسم حسنہ ۲۹۸ بار پڑھیں - جگر کے لیے مربع نقش پیئے اور گلے میں لٹکائے

۷۸۶

۱	۲۷۸	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۲۷۷
۶	۹	۲۸۰	۳
۲۷۹	۴	۵	۱۰

اَلرَّحِیۡم۔

اس اسم مبارک کے ۲۵۸ اعداد ہیں۔ جو شخص ہر نماز کے بعد اعداد اسم کے مطابق پڑھے چشم خلائق میں محترم و معزز ہو۔ درج ذیل نقش کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کر کے پہنے۔

ال	ر	حی	م
۱۹	۳۹	۳۲	۱۹۹
۲۸	۱۶	۲۰۲	۲۳
۲۰۱	۲۴	۳۷	۱۷

اَلْمَلِكُ

یہ سریع الاجابت اسم ہے۔ جمیع حاجات کے لیے ۹۰ بار روزانہ قرأت کریں عزت و اقبال پائیں۔ نقش اس کا یہ ہے۔

ال	م	ل	ك
۳۱	۱۹	۳۲	۳۹
۱۸	۲۸	۴۲	۳۳
۴۱	۳۴	۱۷	۲۹

اَلْقُدُّوْس

اعداد ۱۷۰ - یہ اسم روحانیت کو جلا دیتا ہے - اس کا قاری ملکوتی صفات سے متصف ہوتا ہے۔ اگر کوئی اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے تو ارواح اولیاء و انبیاء سے مشرف ہو۔ اس کا نقش مشک و زعفران سے کسی نیک ساعت

م بھر

یا شرف قمر میں لکھے۔ حامل نقش عوام کی نظروں میں مقبول ہو گا اور جمیع مقاصد میں کامیابی و کامرانی ہو گی۔

۴۰۶

ال	قد	و	س
۷	۵۹	۳۲	۱۰۳
۵۸	۴	۱۰۶	۳۳
۱۰۵	۳۴	۵۷	۵

اَلسَّلَامُ

اعداد ۱۳۱ - اس کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ اپنی حفاظت میں رکھتا ہے ہر مشکل وقت میں سلامتی بخشتا ہے - اس کا نقش لکھ کر سوداوی مریض کو پلایا جائے تو شفا ہو گی

۴۰۶

ال	س	لا	م
۳۲	۳۹	۳۲	۵۹
۳۸	۲۹	۶۲	۳۳
۶۱	۳۴	۳۷	۳۰

اَلْمُؤْمِنُ

اس نقش کا حامل امراض سے محفوظ رہتا ہے۔ شمس المعارف میں لکھا ہے۔ کہ اس اسم کے ورد سے انسان شب بیدار اور عبادت گزار ہو جاتا ہے۔ چالیس دن اس کی ریاضت کرنے والے پر وہ امور منکشف ہوتے ہیں جو بیان سے باہر ہیں۔ نقش اگلے پر دیکھیے۔

p.۲.۵

۷۸۶

ال	م	و	من
۷	۸۹	۳۲	۳۹
۸۸	۴	۴۲	۳۳
۴۱	۳۴	۸۷	۵

یہ نقش اکیس دن تک پینا ہے۔

اَلرَّشِیۡدُ ۔

اعداد ۶۰۷۔ فطرت مشترک۔ عنصر خاکی۔ اس اسم کی تلاوت خلوت میں اعداد کے مطابق کرنے سے ذاکر میں تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ منشیات کے عادی کو نقش چالیس روز تک بلا ناغہ پلائیں۔ اثر عظیم دکھائے گا۔

ر	ش	ی	د
۱۱	۳	۲۰۱	۲۹۹
۲	۸	۳۰۲	۲۰۲
۳۰۱	۳۰۲	۱	۹

اَلصَّبُوۡرُ

فطرت جمالی۔ عنصر بادی۔ اعداد ۲۹۸۔ اس کا ذاکر گناہوں سے تائب ہو جاتا ہے اس کا نقش دل کو صبر دینے کے لیے خوب ہے۔ جس کو کوئی سخت صدمہ پہنچا ہو اس کو اس کا نقش پلائیں۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاخطہ فرمائیں

۷۸۶

ص	ب	و	د
۷	۱۹۹	۹۱	۱
۱۹۸	۴	۴	۹۲
۳	۹۳	۱۹۷	۵

اَلۡبَدِیۡعُ :۔

فطرت مشترک، عنصر خاکی۔ اعداد ۸۶۔ اس کے ذاکر پر اسرار مخفی منکشف ہوتے ہیں۔ جو اپنے عہدے سے معزول ہو گیا ہو وہ اس کا ذکر کرے تو بحال ہو جائے۔ اس کا نقش مال و دولت کی حفاظت کے لیے بڑا مؤثر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ب	د	ی	ع
۱۱	۶۹	۳	۳
۶۸	۸	۶	۴
۵	۵	۶۷	۹

اَلۡبَاقِیۡ

فطرت جمالی۔ عنصر آبی۔ اعداد ۱۱۳۔ اس کا عامل جس مریض کو ہاتھ لگائے وہ فوراً شفا پائے۔

یہ اسم قطبوں اور ابدالوں کا ورد خاص ہے۔ جس شخص کے نام کے اعداد اسم باقی کے برابر ہوں اس کے لیے یہ اسم اعظم ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

نقش

۷۸۶

ال	با	ق	ی
۱۰۱	۹	۳۲	۲
۸	۹۸	۵	۳۳
۴	۳۴	۷	۹۹

اَلْوَارِثُ

فطرت جلالی - عنصر آبی - اعداد ۷۰۷

اس اسم کا ذاکر قوم میں ممتاز اور صاحب اولاد ہو - عزت و عظمت پائے - بے اولاد اور بانجھ عورت کے لیے اس اسم کا ورد بڑا مناسب ہے نقش اس اسم حسنہ کا درج ذیل ہے۔

۷۸۶

ال	وا	ر	ث
۲۰۱	۷۹۹	۳۲	۶
۲۹۸	۱۹۸	۹	۳۳
۸	۳۴	۴۹۷	۱۹۹

اَلنُّوْرُ

فطرت مشترک - عنصر آبی - اعداد ۲۵۶

اہل کشف کے لیے اس اسم کا ذکر خوب ہے - حامل نقش کو عزت و وقار حاصل ہوتا ہے - نقش یہ ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیے

۷۸۶

ال	ن	و	ر
۷	۱۹۹	۳۲	۴۹
۱۹۸	۴	۵۲	۳۳
۵۱	۳۴	۱۹۷	۵

اَلْهَادِیْ

فطرت جمالی - عنصر آبی - اعداد ۲۰

جو بچے بے راہرو ہوں - نشے کے عادی ہوں - ان کے لیے یہ نقش مشرف قمر میں لکھیں اور نیچے نام معہ والدہ اور خصلت لکھیں - اور بیس مرتبہ الهادی کا ورد کریں - اور کہیں یَاھَادِیْ فلاں بن فلاں کو فلاں بُرے کام سے ہدایت دے بیس دن یہ نقش پلائیں - انشاءاللہ اثر عظیم ہوگا - ہر مشکل کے لیے اس نقش کا وِرد خوب تر ہے۔

اَلْمَانِعُ

فطرت جلالی - عنصر آبی - اعداد ۱۶۱

یہ اسم ہر برائی اور ہر نقصان کے مانع ہے - جو شخص اپنے دشمن کی دشمنی سے بچنا چاہے - وہ اسم کے اعداد کے برابر قرات کرے اور نقش اپنے پاس رکھے۔

۷۸۶

ال	ما	ن	ع
۵۱	۶۹	۳۲	۴۰
۶۸	۴۸	۴۳	۳۳
۴۲	۳۴	۶۷	۴۹

الضّار

فطرت جلالی ۔ عنصرآبی ۔ اعداد ۱۰۰۱

اس کا نقش اپنے پاس رکھنے سے تمام آفات و بلیات دُور ہوتی ہیں ۔

۷۸۶

ا	ل	ضا	د
۹۰۲	۱۹۹	۲	۲۹
۱۹۸	۸۹۹	۳۲	۳
۳۱	۴	۱۹۷	۹۰۰

اَلمُقسطُ

فطرت جلالی ۔ عنصر آتشی ۔ اعداد ۲۰۹

اس نقش میں غصّہ دُور کرنے کی عجب خاصیّت ہے ۔ اس کا نقش یہ ہے ۔

۷۸۶

م	ق	س	ط
۶۱	۸	۴۱	۹۹
۷	۵۸	۱۰۲	۴۲
۱۰۱	۴۳	۶	۵۹

اَلجَامِعَ

فطرت جلالی ۔ عنصر آتشی ۔ اعداد ۱۱۴

اس اسم میں گم شدہ چیز اور اغوا شدہ انسان کو واپس لانے کی عجیب طاقت ہے ۔ گم شدہ بچوں اور مغویہ عورتوں کی بازیابی کے لیے لاثانی ہے

یہ اسم اتنا سریع التاثیر ہے کہ جب انسان اغوا شدہ یا گم شدہ کی بازیابی

کے لیے اسے ورد میں لاتا ہے تو فوراً یہ اسم اثر پذیر ہوتا ہے ۔

عمل :

باوضو ہوکر دو رکعت نماز حاجت پڑھیں بعد سلام ۱۱۱ مرتبہ درُود شریف مسجد میں جاکر ۱۰۰۱ "یا جامع" کا ورد کریں آخر میں پھر درُود شریف پڑھیں اور درج ذیل نقش کو مع نام گم شدہ یا اغوا شدہ لکھ کر حسب قاعدہ استعمال کریں

۷۸۶

ال	جا	م	ع
۴۱	۶۹	۳۲	۲
۶۸	۳۸	۵	۳۳
۴	۳۴	۶۷	۳۹

المغنی :

فطرت مشترک ۔ عنصر آتشی ۔ اعداد ۱۰۶

یہ اسم اپنے قاری کو دنیا و دین کی نعمتوں سے اتنا سرفراز کرتا ہے کہ قاری خود غنی ہو جاتا ہے ۔ صاحب نصاب ہو جاتا ہے ۔ اس اسم کو تعداد اعداد کے مطابق روزانہ پڑھیں ۔ اوّل وآخر ۱۱۱ بار درُود شریف پڑھیں ۔ نقش اس کا یہ ہے ۔

۷۸۶

ال	غ	ن	ی
۵۱	۹	۳۲	۹۹۹
۸	۴۸	۱۰۰۲	۳۳
۱۰۰۱	۳۴	۷	۴۹

الرّؤُف :

فطرت جمالی - عنصر آتشی - اعداد ۲۸۶

اس اسم کا ذاکر صاحب کشف ہوتا ہے۔ حُب میں بھی یہ اسم خُوب کام کرتا ہے۔ جب کسی نام میں ترکیب سے یہ نام لکھ کر نقش بنایا جائے تو حُب کے لیے اکسیر کا کام کرتا ہے

۷۸۶

ال	ر	و	ف
۷	۷۹	۳۲	۱۹۹
۷۸	۴	۲۰۲	۳۳
۲۰۱	۳۴	۷۷	۵

یہ نقش بڑا زود الاثر ہے - فوراً اثر کرتا ہے

مَالِكُ المُلك

فطرت جلالی - عنصر آتشی - اعداد ۲۱۲

یہ نقش لکھ کر سورۃ یٰسین پڑھ کر اس پر دم کریں - بازو پر باندھ لیں حکام مہربان ہوں گے۔

۷۸۶

ما	لک	ال	ملک
۳۲	۸۹	۴۲	۴۹
۸۸	۲۹	۵۲	۴۳
۵۱	۴۴	۸۷	۳۰

التَّوَّابُ

فطرت جمالی - عنصر آتشی - اعداد ۴۰۹

اس اسم کا عامل جس گنہگار کی طرف نظر کرے گا وہ گناہوں سے تائب ہو جائے گا۔

التواب کا ذاکر قطب وقت کا نائب ہوتا ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

ا	ل	ت	واب
۴۰۱	۸	۲	۲۹
۷	۳۹۸	۳۲	۳
۳۱	۴	۶	۳۹۹

المنتقم

فطرت جلالی - عنصر آتشی - اعداد ۶۳۰

یہ ظالموں کو سزا دینے کے لیے پُر تاثیر ہے۔ اس کا ورد خلوت میں کرنا چاہیئے اس اسم کا نقش دافع آسیب ہے۔ نقش مذکور کو سیسہ کی تختی پر کندہ کریں اور آسیب زدہ کو دیں۔ آسیب دُور ہو گا۔

۷۸۶

من	ت	ق	م
۱۰۱	۴۹	۹۱	۳۹۹
۳۸	۹۸	۴۰۳	۹۲
۴۰۱	۹۳	۳۷	۹۹

الظَّاهِرُ البَاطن

دونوں اسماء کی فطرت مشترک - عنصر خاکی - ظاہر ۱۱۰۶ اور باطن کے اعداد ۶۲ - اس اسم کا ذاکر ظاہر و باطن کے اسرار سے مستفید ہوتا ہے۔ یغیب دال

ہوتا ہے۔ نقش ان اسماء کا یہ ہے۔

۷۸۶

ال	ظ	ھ	ر
٦	١٩٩	٣٢	٩٠٠
١٩٨	٣	٩٠٣	٣٣
١٠٢	٣٤	١٦٧	٤

المُقَدِّمُ

فطرت مشترک۔ عنصر آتشی۔ اعداد ۱۸۴

اس اسم کے ورد سے انسان بے شمار حادثات سے محفوظ رہتا ہے جو کوئی رات کو سونے سے پہلے اس اسم کو ۱۸۴ بار روزانہ پڑھے دشمنوں کے گزند سے محفوظ رہے۔ اور نہ کوئی جانور جنگل کے سفر میں اسے نقصان پہنچا سکتا ہے

حضرت امام علی رضا علیہ السلام فرماتے ہیں کہ یہ اسم دافع بلیات ہونے کے علاوہ صفائی قلب کے لیے بھی بے نظیر ہے اور اس کے نقش کو پاس رکھنے والا حادثات سے محفوظ رہتا ہے۔ (نقش المقدم)

۷۸۶

م	ق	د	م
٥	٣٩	٤١	٩٩
٣٨	٢	١٠٢	٤٢
١٠١	٤٣	٣٧	٣

اَلْوَاحِدُ۔

فطرت مشترک۔ عنصر بادی۔ اعداد ۱۹

اس کے نقش کو مشرف شمس میں لکھ کر پاس رکھیں تو دنیاوی شیطانوں اور فرعونوں سے حفاظت میں رہتا ہے۔

۷۸۶

ال	وا	ح	د
٩	٣	٣٢	٦
٢	٦	٩	٣٣
٨	٣٤	١	٧

الصَّمَدُ

فطرت جمالی۔ عنصر خاکی۔ اعداد ۱۳۴

اس کا ذاکر فقر و فاقہ سے نجات حاصل کر لیتا ہے۔ زندگی عزت اور مزے سے گزارتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ال	ص	م	د
٤١	٣	٣٢	٨٩
٢	٣٨	٩٢	٣٣
٩١	٣٤	١	٣٩

المُمِيْتُ

فطرت جلالی۔ عنصر آتشی۔ اعداد ۴۹۰

اس کا ذکر اہل طریقت کے لیے نافع ہے۔ اس کے پڑھنے سے نفسِ امارہ مطیع و فرمانبردار ہو جاتا ہے۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ اپنے دونوں ہاتھوں پر ۴۹۰ بار یہ اسم پڑھ کر دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر سو جائے اس کا نفس مطیع ہو گا۔

۷۸۶

م	م	ی	ت
۱	۳۹۹	۴۱	۳۹
۳۹۸	۸	۴۲	۴۲
۴۱	۴۳	۳۹۷	۹

اَلْقَیُّوْمُ۔

فطرت جلالی ۔ عنصر آتشی ۔ اعداد ۱۵۶

حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں یہ اسم اعظم ہے ۔ اگر کوئی شخص اس کا نقش شرف شمس میں لکھ کر پاس رکھے وہ جمیع حاجات سے بے نیاز ہو جائے ۔ غیب سے اس کی ہر ضرورت پوری ہو۔ اس کے لیے دست غیب جاری ہو۔

۷۸۶

ق	ی	و	م
۷	۳۹	۱۰۱	۹
۳۸	۴	۱۲	۱۰۲
۱۱	۱۰۳	۳۷	۵

اَلْمُحْیِی

فطرت جمالی ۔ عنصر آتشی ۔ اعداد ۶۸

سفر میں اس اسم کا ورد بہت اچھا ہے ۔ جب بھی گھر سے نکلیں تو یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ کا ورد اسما کی تعداد کے مطابق کر کے نکلیں انشاء اللہ سفر بخیر ہو گا ۔ اس کا نقش بھی ان امور کے لیے خوب ہے ۔

۷۸۶

ال	م	ح	ی
۹	۹	۳۲	۳۹
۸	۶	۴۲	۳۳
۴۱	۳۴	۷	۷

اَلْحَمِیْدُ :-

فطرت جمالی ۔ عنصر خاکی ۔ اعداد ۲۲

یہ اسم تسخیر و محبت کے لیے خوب ہے ۔ جو بچے عادات قبیحہ میں مبتلاء ہو چکے ہوں کسی نیک ساعت میں لکھ کر بچے کو بار بار پلائیں ۔ انشاء اللہ بچہ بری عادات کو چھوڑ دے گا ۔ محبت کے لیے بھی یہ اسم بڑا اکسیر ہے ۔ مثل تیر ہے ۔ جو نشانے پر لگے گا ۔ نقش لکھ کر بھی پلایا جا سکتا ہے ۔

اَلْمُحْصِی

فطرت جمالی ۔ عنصر آتشی ۔ اعداد ۱۴۸

یہ اسم دافع نسیان ہے ۔ اس کا ذاکر عذاب قبر سے اماں پاتا ہے ۔ اس نقش کو اگر نیک ساعت میں لکھ کر پلایا جائے تو بصیرت بڑھتی ہے ۔ مرض نسیاں دور ہو جاتا ہے ۔

۷۸۶

م	ح	ص	ی
۹۱	۹	۴۱	۷
۸	۸۸	۱۰	۴۲
۹	۴۳	۷	۸۹

اَلْوَکِیْلُ

فطرت جمالی ۔عنصر خاکی ۔ اعداد ۶۶

ہر مصیبت و مشکل میں ۔ ہر مسئلہ لاینحل میں ۔ مہمات میں یہ اسم اثر عظیم رکھتا ہے ۔ اس کا ورد کریں ۔ اس کا نقش شرفِ قمر میں لکھیں اور معطر کر کے دائیں بازو سے باندھیں ۔

۷۸۶

و	ک	ی	ل
۱۱	۲۹	۷	۱۹
۲۸	۸	۲۲	۸
۲۱	۹	۲۷	۹

اَلْوَدُوْدُ ۔

فطرت جمالی ۔عنصر آتشی ۔ اعداد ۲۰

وہ اختلاف جو کسی طرح بھی دُور نہ ہوتا ہو اس اسم کے ورد سے دُور ہو جاتا ہے ۔ یہ اسم حُب کے لیے اکسیر ہے ۔ بے نظیر ہے ۔

عمل اس کا یہ ہے کہ پہلے نام طالب معہ والدہ ، پھر اسم وُدود ، پھر اسم مطلوب معہ والدہ کی ایک سطر لکھیں ۔ مثلاً علی طالب اور محمد مطلوب ہے ۔

م ح م د ۔ و دُ و د ۔ ع ل ی ۔ یہ سطر بنی ۔ اس کی تکسیر بنائیں ۔ ایک نقش کو بازو پر باندھیں ایک ہوا میں لٹکائیں ۔ ایک وزن کے نیچے رکھیں اور ایک بلب پر لگا دیں تاکہ نقش کو حرارت ملتی رہے ۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں ۔

۷۸۶

و	د	و	د
۷	۳	۷	۳
۲	۴	۶	۸
۵	۹	۱	۵

اَلْمَجِیْدُ

فطرت جمالی ۔عنصر آتشی ۔ اعداد ۵۷

یہ اسم امراض خبیثہ اور رزق کی فراوانی کے لیے خوب ہے جو کسی عہدہ یا ملازمت سے برخواست کر دیا گیا ہو اس کی قرأت کرے اعداد کے مطابق اور نقش کو معطر کر کے اپنے پاس رکھے ۔

۷۸۶

م	ج	ی	د
۱۱	۳	۴۱	۲
۲	۸	۵	۴۲
۴	۴۳	۱	۹

اَلْحَقُّ

فطرت مشترک ۔عنصر آتشی ۔ اعداد ۱۰۸

اگر کسی کا حق غصب کیا گیا ہو تو اس کی قرأت کرے ۔ اگر کسی قیدی کو ناحق قید کیا گیا ہو تو قید میں ہی روزانہ ۱۰۸ بار پڑھے ۔ انشاءاللہ رہائی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے ۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھیں ۔

٤٨٦

ق	ح	ل	ا
۲۹	۲	۹۹	۹
۳	۳۲	٦	۹۸
۷	۹۷	٤	۳۱

الحکیم:-

فطرت جلالی۔ عنصر آتشی۔ اعداد ۷۸

یہ اسم ہر مرض کے لیے اکسیر ہے۔ تنگ دستی و غربت میں کام دیتا ہے
اس کے نقش کو نیک ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

٤٨٦

م	ی	ک	ح
۱۹	۹	۳۹	۱۱
۱۰	۲۲	۸	۲۸
۹	۳۷	۱۱	۲۱

الواسع

فطرت جمالی۔ عنصر آتشی۔ اعداد ۱۳۷

یہ اسم کشادگی رزق کے لیے اکسیر ہے۔ تنگی دور کرتا ہے۔ اس کا ورد پابندی وقت سے اعداد کے مطابق کریں۔

٤٨٦

ع	س	وا	ال
٦	۳۲	٦۹	٦۱
۳۳	۹	۵۸	٦۸
۵۹	٦٦	۳٤	۸

المجیب

فطرت جمالی۔ عنصر بادی۔ اعداد ۵۵

یہ اسم ایجاب و قبولیت دعا کے لیے مخصوص ہے۔ اگر عزت و وقار کو ٹھیس لگنے کا خدشہ ہو۔ مقروض و بدحال ہو تو اس اسم کا ورد کرے اور اس کے نقش کو اپنے پاس رکھے۔

٤٨٦

یب	ج	م	ال
۳۹	۳۲	۱۱	٤
۳۳	٤۲	۱	۱۰
۲	۹	۲٤	٤۱

الجلیل:-

فطرت جلالی۔ عنصر آتشی۔ اعداد ۷۲

یہ اسم بلندی مراتب اور عزت و عظمت کے لیے خوب تر ہے۔ تسخیر خاص عام کے لیے با پرہیز چار ہزار مرتبہ چالیس دن اس کا ورد کرے۔ عامل ہونے کے بعد اس اسم سے ہزاروں کام لیے جا سکتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ کی ذات پاک بڑے جلال و جمال کی مالک ہے۔ اس کا نقش عزت و عظمت بخشتا ہے۔

الکبیر:-

فطرت جمالی۔ عنصر آتشی۔ اعداد ۲۳۲

حضرت امام علی رضا علیہ السلام فرماتے ہیں کہ مباشرت سے پہلے اس اسم کو دو مرتبہ پڑھ کر مباشرت کرے تو پروردگار عالم فرزند صالح عطا کرے گا۔
اس کا نقش پاس رکھنے سے عزت و وقار میں اضافہ ہوتا ہے۔

۷۸۶

ک	ب	ی	ر
۱۱	۱۹۹	۲۱	۱
۱۹۸	۸	۴	۲۲
۳	۲۳	۱۶۷	۹

اَلْخَبِیْرُ:۔

فطرت جمالی ۔ عنصر آتشی ۔ اعداد ۸۱۲

اس کا قاری ہر پوشیدہ اسرار سے واقف ہو جاتا ہے ۔ یہ اسم کلیہ استخارہ ہے ۔ اس سے استخارہ کریں ۔ استخارہ کا عمل درج ذیل ہے ۔ ہر شخص اس سے مستفید ہو سکتا ہے ۔

اوّل دو رکعت نماز نفل بہ نیت استخارہ پڑھیں ۔ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف تین تین بار قل شریف پڑھیں ۔ اس کے بعد ۱۱۱ بار درود شریف پڑھیں ۔ اس کے بعد دو زانوں بیٹھ کر ایک تسبیح یہ پڑھیں

یا علیم ۔ علمنی　　　یا خبیر ۔ اخبرنی

یا بشیر ۔ بشرنی　　　یا مبین ۔ بیّن لی

اس کے بعد ۱۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں ۔ اس طرح سو جائیں کہ منہ قبلہ رخ ہو اور سر کے نیچے دایاں ہاتھ ہو ۔ اور جو بات معلوم کرنا ہو یا خبیر پڑھتے ہوئے سو جائیں لیکن باوضو سوئیں ۔ تین دن کے اندر اندر اللہ تبارک تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کی خبر مل جائے گی ۔

اس اسم کا نقش پاس رکھنا بھی باعثِ برکت و رحمت ہے ۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں ۔

۷۸۶

خ	ب	ی	ر
۱۱	۱۹۹	۶۰۱	۱
۱۹۸	۸	۴	۶۰۲
۳	۶۰۳	۱۹۷	۹

اَلْجَبَّارُ

یہ اسم جلالی ہے ۔ اس کے اعداد ہیں ۲۰۶

یہ اسم قوت و ہیبت کے لیے ہے ۔ اس کے ورد سے نفس مغلوب ہوتا ہے اور شہوت سے محفوظ رہتا ہے ۔ اس کے نقش کا حامل اعداء سے محفوظ رہتا ہے ۔

ال	ج	با	ر
۴	۱۹۹	۳۲	۲
۱۹۸	۱	۵	۳۳
۴	۳۴	۱۹۷	۲

اَلْبَارِی

یہ اسم مشترک ہے ۔ اس کے اعداد ہیں ۲۱۳

حُبّ تسخیر کے لیے عطر گلاب یا عطر چنبیلی پر ۵۷ بار دم کر کے مطلوب کو دے مطلوب کو دے ۔ مطلوب اس کا شیدائی ہو ۔ نقش اس اسم کا یہ ہے ۔

۷۸۶

ال	با	ر	ی
۲۰۱	۹	۳۲	۲
۸	۱۹۸	۵	۳۳
۴	۳۴	۷	۱۹۹

اَلْمُهَيْمِنُ :-

فطرت جلالی۔ عنصر آتشی - اعداد ١٤٥

بھوت پریت، جنات و شیطاطین سے محفوظ رکھتا ہے۔ بے شمار مشکل کاموں میں آسانی پیدا کرتا ہے۔ تسخیر کے لیے خوب ہے ہر نماز کے بعد اعداد کے مطابق قرأت کرے۔

٧٨٦

م	ﻫ	ی	من
١١	٨٩	٤١	٤
٨٨	٨	٧	٤٢
٦	٤٣	٨٧	٩

اَلْمُتَكَبِّرُ :-

فطرت جلالی۔ عنصر آتشی - اعداد ٦٦٢

اس اسم کا ذاکر بزرگی و عظمت پاتا ہے۔ مباشرت سے پہلے دو مرتبہ پڑھے تو پروردگار عالم فرزند صالح عطا کرتا ہے۔ ٦٦٢ بار روزانہ اس کی قرأت کرنے سے دشمن سرکش، مطیع ہو جاتا ہے۔ نقش اس اسم کا یہ ہے۔

٧٨٦

م	ت	ک	بر
٢١	٢٠١	٤١	٣٩٩
٢٠٠	١٨	٤٠٢	٤٢
٤٠١	٤٣	١٩٩	١٩

اَلْفَتَّاحُ :-

فطرت جلالی - عنصر آتشی - اعداد ٤٠٩

فیوض و برکات کے دروازے کھولنے کے لیے یہ اسم اکسیر ہے۔ اس کا ذاکر اس کے ورد کے ساتھ روزہ رکھے اور ریاضت کرے۔ عجائبات و طلسمات کا نظارہ کرے اس کا نقش بھی یہی خواص رکھتا ہے۔

٧٨٦

ال	ف	تا	ح
٤٠٢	٧	٣٢	٧٩
٦	٢٩٩	٨٢	٣٣
٨١	٣٤	٥	٤٠٠

اَلْعَلِيْمُ :-

فطرت جمالی۔ عنصر آتشی - اعداد ١٥٠

اس اسم کا قاری علوم مخفیہ، علم لدُنی سے نوازا جاتا ہے۔ اس کا نقش لکھ کر اگر چالیس روز پاگل کو پلایا جائے تو اللہ تعالےٰ کے حکم سے اس کا پاگل پن دُور ہو جاتا ہے۔ اس کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ علم کی دولت سے مالا مال کرتا ہے۔

٧٨٦

ع	ل	ی	م
١١	٣٩	٧١	٢٩
٣٨	٨	٣٢	٧٢
٣١	٧٣	٣٧	٩

اَلسَّمِيْعُ :-

فطرت جمالی۔ عنصر آتشی۔ اعداد ١٨٠

حضرت امام علی رضا علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اس اسم کا پڑھنے والا مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ یہ اسم دُعا کی مقبولیت کے لیے خُوب ہے اس کے نقش کو پاس رکھنے سے ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔

۷۸۶

س	م	ی	ع
۱۱	۶۹	۶۱	۳۹
۶۸	۸	۴۲	۶۲
۴۱	۶۳	۶۷	۹

اَلْعَدْلُ

فطرت مشترک۔ عنصر آتشی۔ اعداد ۱۰۴

جو مظلوم عدل کا طلبگار ہو اور ظالموں سے عدل ملنے کی اُمید نہ رکھتا ہو۔ اس اسم کا نقش اپنے پاس رکھے اور اس کے اعداد کے مطابق پڑھے تو یہ اس کے لیے بہت مناسب ہے۔ اللہ تعالیٰ خود آپ اس کے معاملے میں عدل کرتا ہے۔ اس کو ظالم کے ظلم سے بچاتا ہے۔

النّافع:۔

فطرت جمالی۔ عنصر بادی۔ اعداد ۳۵۱

رزق کی کشادگی کے لیے اس کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ اس کا نقش اپنے پاس رکھیں۔

۷۸۶

ال	ر	ف	ع
۸۱	۶۹	۳۲	۲۰۸
۶۸	۷۸	۲۰۳	۳۳
۲۰۲	۳۴	۶۷	۷۹

اَلْمُذِلُّ:۔

فطرت جلالی۔ عنصر آتشی۔ اعداد ۷۰

ظالموں کو ذلیل کرنے کے لیے یہ خوب کام کرتا ہے۔ جب دشمن کا خوف ہو اور وہ طاقتور ہو تو دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھیں۔ سجدہ میں سر رکھ کر ۷۷ بار آہ و زاری کے ساتھ اس اسم کو پڑھیں۔ دشمن ذلیل و خوار ہوں۔

مرگی کے مریض کے تانبا کی لوح (تختی) کے ایک طرف یا مُذِلُّ کل جبار غیر بقھر سلطانہ یا مذل اور دوسری طرف یا قہار انت الذی لا اطاق انتقایا قہار۔ جب قمر برج عقرب میں ہو تانبا کی تختی پر کندہ کریں اور مرگی کے مریض کی گردن میں ڈال دیں۔ مرگی کا مرض خواہ کتنا ہی پرانا ہو بفضلِ تعالیٰ دُور ہو جائے گا۔ مرگی کے لیے یہ آزمودہ اکسیر نقش و اسم ہے

۷۸۶

ال	م	ذ	ل
۷۰۱	۲۹	۳۲	۳۹
۲۸	۶۹۸	۴۲	۳۳
۴۱	۳۴	۲۷	۶۹۹

اَلْعَلِیّ

فطرت جمالی۔ عنصر خاکی۔ اعداد ۱۱۰

جس شخص کی کوئی عزت و تکریم نہ کرتا ہو۔ اس کو اسم علی کا ذکر وقت مقررہ پر اس کے اعداد کے ساتھ کرنا چاہیئے۔ یہ نقش باعثِ عزت و عظمت ہے۔ جب نقش لکھ لیں تو ۱۱۰ بار پڑھ کر دم کر کے پہن لیں۔ شرف قمر میں ایسا کیا جائے تو بہت اچھا ہے۔ علی بھی اللہ تعالےٰ کے اسمائے حسنہ میں سے ایک اسم ہے نقش یہ

ہے۔

۷۸۶

ال	ع	ل	ی
۳۱	۹	۳۲	۶۹
۸	۲۸	۷۲	۳۳
۷۱	۳۴	۷	۲۹

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام فرماتے ہیں علم الجفر کا منبع وملجا اسمائے حسنہ اور قرآن حکیم کی آیات بنیّات ہیں۔ یہ علم انہیں سے اخذ کیا گیا ہے۔

محمد اسلم خوشنویس (گوجرہ)

اسمائے الٰہی سے عوارض، آفات، بلیّات، آزمائشوں، حشرات الارض کے ضرر سے تحفّظ اور لاعلاج بیماریوں کا علاج۔ آسیب کے ضرر اور جادو ٹونے سے نجات پانے کے مؤثر طریقے۔

اَللّٰہُ :-

اس مقدّس اسم کا جتنا بھی احترام کیا جائے کم ہے۔ اگر کوئی شخص کسی مصیبت میں مبتلا ہو تو وہ اس کا وِرد کرے۔ مصیبت دُور ہونا۔ یقینی امر ہے اگر اس اسم مبارک کو خوش خط لکھ کر اپنے پاس رکھے اور دِن رات میں کسی بھی وقت گوشہ تنہائی میں اس پر نظر ڈالے اور یہ تصوّر کرے کہ یہی اسم قلب پر بھی لکھا ہوا ہے۔ اور اس تصوّر کو کچھ دیر قائم رکھے تو یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ وہ شخص دل کے تمام امراض سے محفوظ رہے گا۔

یَارَحْمٰنُ :-

اس مقدّس اسم کو دوپہر کے وقت باوضو ہوکر ۱۴ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور سلائی کے ساتھ دُکھتی ہوئی آنکھوں میں سات سات مرتبہ لگائے تو انشاءاللہ تین دن میں آفاقہ ہوگا۔

یَارَحِیْمُ :-

جو شخص صبح کی نماز کے بعد اس مقدّس اسم کا وِرد کرے گا۔ تمام خلقت اس پر مہربان ہوگی۔ اور ہر جگہ اس کی عزت کی جائے گی۔

یَا مَالِکُ

جو شخص اس مقدس اسم کا ورد کرنے والا ہوگا۔ زنا، چوری، شراب خوری جیسی بُری عادتوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کی اولاد صالح پیدا ہو۔ اسے چاہیئے کہ بیوی کے حمل قرار پانے کے وقت سے ولادت کے دن تک روزانہ اکتالیس مرتبہ اس مقدس اسم کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے اپنی بیوی کو پلائے۔ انشاء اللہ نیک اور صالح اولاد پیدا ہوگی۔

یَا سَلَامُ

جو شخص اس مقدس نام کو صبح کی نماز کے بعد ہر روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا۔ وہ مرتے دم تک نہ اندھا ہوگا۔ اور نہ اپاہج ہو گا۔ اس کے ہوش و حواس قائم رہے گا

جس عورت کے بچے کے دودھ پینے تک، سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ کسی روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر عورت کو ہر روز کھلائے انشاء اللہ بچہ اس مرض سے محفوظ رہے گا۔

یَا مُؤْمِنُ

جو شخص اس مبارک نام کا ورد کرے گا۔ دُنیا والے اس کی عزت کریں گے اگر کسی عورت کا شوہر بد اخلاق ہو تو رات کو اس کا ورد کرنا چاہیے۔ انشاء اللہ مرد با اخلاق ہو جائے گا۔

یَا مُھَیْمِنُ

جو شخص غسل کر کے قبلہ رُو بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ اس مقدس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ انجام سے واقف ہوگا۔

یَا عَزِیْزُ

جو شخص اس مقدس اسم کو صبح کی نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھے گا

انشاء اللہ کبھی ذلیل و خوار نہ ہوگا۔ اور جس سے ملے گا وہ اس کے ساتھ عزت سے پیش کرے گا۔

یَا جَبَّارُ

اگر کوئی بچہ یا بیمار بہت لاغر اور کمزور ہوگیا ہو تو اس اسم کو ایک ہزار ایک سو مرتبہ پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کرے اور بدن کے پاک حصوں پر اس کی مالش کرے۔ اس عمل کو سات روز تک متواتر کرے انشاء اللہ کمزوری دور ہوگی

یَا حَقُّ

اگر کوئی قیدی جو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو۔ سر ننگا کر کے ایک سو ساٹھ مرتبہ اس مقدس اسم کو نصف شب کو پڑھے گا تو انشاء اللہ رہا کر دیا جائے گا۔

یَا وَکِیْلُ

اگر کسی شخص کو چوروں، ڈاکوؤں یا دشمنوں سے کوئی خطرہ ہو تو اس مقدس اسم کا ورد کرے۔ انشاء اللہ ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

یَا قَوِیُّ

اگر کوئی حاملہ عورت کمزور ہوگئی ہو اور اس میں حمل کے برداشت کی طاقت نہ ہو تو وہ ۱۲۱ مرتبہ اس مقدس اسم کو روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ ایام حمل آسانی سے گزریں گے۔

یَا مَتِیْنُ

اگر کوئی بچہ دودھ چھوڑنے کے صدمے سے روتا ہو تو ۹۰ مرتبہ اس مقدس اسم کو لکھ کر گھول کر پلائے۔ انشاء اللہ بچہ کو صبر آجائے گا۔

یَا وَاسِعُ

رزق کشادگی اور فراہمی کے لیے اس مقدس اسم کا ورد بے حد فائدہ مند

لیکن اس بات کا خیال رہے کہ ہوس کے طور پر فراخی کی خواہش نہ کی جائے۔

یَا حَکِیْمُ اگر شوہر اور بیوی کے درمیان نا اتفاقی ہو تو اس مقدس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے بدمزاج کو کھلایا جائے۔ انشاء اللہ اس کی بدمزاجی دُور ہو گی۔

یَا وَدُوْدُ اگر کسی کا فرزند بدراہ ہو یا نافرمان ہو تو اس مقدس اسم کو ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ درد کی جگہ پر باندھے۔ انشاء اللہ تندرستی حاصل ہو گی۔

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو اس کی پیشانی پر سات مرتبہ انگلی سے اس مقدس نام کو لکھے اور پھر تین دفعہ پیشانی کو پکڑ کر یَا جَبَّارُ ـــ یَا سَلَامُ سات مرتبہ پڑھ کر پیشانی پر دم کرے۔ انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔ آدھے سر کے درد کے لیے اس عمل کو صبح سورج نکلنے سے پہلے ہی کرنا چاہیے۔

یَا مَجِیْدُ جس شخص کی پسلی میں درد ہو وہ اس مقدس اسم کو ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھے اور روٹی پر دم کر کے درد کی جگہ پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تندرستی حاصل ہو گی۔

یَا خَالِقُ اگر کوئی شخص اس مقدس نام کا ورد اکیس دن تک مسلسل کرے۔ اور روزانہ پانی پر دم کر کے بانجھ عورت کو پلائے تو رحمت خداوندی سے اسے حمل قرار پائے۔

اسی طرح اگر کسی عورت کا حمل ضائع ہو جاتا ہو تو اس کے لیے حمل کے وقت

سے ولادت کے وقت تک اس اسم کو روزانہ ۳۱۰ مرتبہ

یَا قَهَّارُ اگر کسی گھر میں جن آسیب کے خلل کا امکان ہو یا وہاں رہنے سے ڈر لگتا ہو۔ تو ایک کورے چراغ پر سات جگہ یا قہار لکھ کر ناریل کے تیل سے بھر کر روشن کرے اس طرح سات دن تک کرے انشاء اللہ اس گھر میں سے جن، بھوت پریت اور سانپ جیسی موذی چیزیں نہ رہیں گی۔ لیکن اس بات کا خیال رہے کہ گھر میں کوئی تصویر یا مورت موجود نہ ہو۔ گھر پاک صاف ہو۔ اس گھر میں کوئی حرام نہ ہوتا ہو ورنہ نتیجہ الٹ برآمد ہو گا۔

یَا وَهَّابُ اس مقدس نام کا ورد کرنے والا کبھی تنگی رزق کا شکار نہیں ہو سکتا۔ نماز فجر کے یا نماز عشاء کے بعد اس کا ورد کرنا زیادہ بہتر ہے۔

یَا رَزَّاقُ جو کوئی شخص صبح صادق کے بعد صبح کی نماز سے پہلے اپنے گھر کے چاروں کونوں میں کھڑے ہو کر دس دس مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا اس کے گھر میں کبھی تنگی نہ آئے گی۔ عمل دائیں کونے سے شروع کریں اور منہ قبلہ کی جانب رکھیں۔

یَا فَتَّاحُ اگر کوئی شخص دشمن کی قید یا مقدمہ میں ناحق پھنس گیا ہو۔ اس کے لیے اکیس ہزار مرتبہ سات دن تک متواتر اس اسم مبارک کو پڑھا جائے۔ انشاء اللہ جلد رہائی ہو گی۔

یَا بَاسِطُ جو شخص صبح کی نماز سے پہلے ہاتھ اٹھا کر کم از کم دس مرتبہ اور زیادہ سے

زیادہ ۱۵۳ مرتبہ اس مقدس اسم کو پڑھے گا - اور منہ پھر ہاتھ پھیرے گا - اور اسے اپنی عادت بنائے گا اسے مخلوق سے سوال کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے گی -

یَا خَبِیْرُ جو شخص ہر ظہر کی نماز کے بعد ۹ بار اس اسم کو پڑھے گا وہ ہمیشہ خلقت کے سامنے سرخرو رہے گا -

یَا عَظِیْمُ سات مرتبہ اس مقدس اسم کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا جائے تو پیٹ کے درد سے نجات حاصل کی جا سکتی ہے - اگر ایسے مریض کو سات مرتبہ اس اسم کو لکھ کر کاغذ دھو کر پانی پلایا جائے تو فوراً فائدہ ہو گا -

یَا غَفُوْرُ اگر کوئی شخص غمزدہ ہو تو روٹی کے ٹکڑے پر تین مرتبہ اس اسم مقدس کو لکھے اور اس روٹی کے ٹکڑے کو کھائے - انشاءاللہ اس کا غم خوشی میں بدل جائے گا -

یَا شَکُوْرُ جس شخص کی آنکھوں میں اندھیرا چھا جاتا ہو یا دھند ہو وہ اس مقدس نام کو ۵۲۶ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اسے پی لے - اس طرح سات روز تک کرے - انشاءاللہ بیحد فائدہ ہو گا -

یَا عَلِیُّ اگر کسی جگہ درد ہو یا ورم ہو گیا ہو تو تین سو مرتبہ اس نام کو پڑھ کر درد کی جگہ دم کرے - انشاءاللہ فائدہ ہو گا - جس شخص کو بواسیر کی شکایت ہو وہ اس مقدس نام کا ورد جاری رکھے - اور دم کر کے پانی پیا کرے - انشاءاللہ شفا دے گا -

یَا بَصِیْرُ جس شخص کی آنکھوں میں پانی اترنا شروع ہو گیا ہو - وہ شخص گیارہ سو مرتبہ اس اسم کو پڑھے - اول و آخر درود شریف پڑھے اور اس مرض سے محفوظ رہنے کی دعا مانگے - انشاءاللہ پانی اترنا بند ہو جائے گا - اس عمل کو اکثر کرتا رہے -

یَا عَدْلُ اگر کسی مقدمہ میں حاکم سے ناانصافی کا خطرہ ہو تو اس مقدس اسم کو مقدمہ کے دوران ہر روز تین ہزار مرتبہ پڑھے - انشاءاللہ حاکم سے مقدمہ خلاف انصاف فیصلہ نہ ہو گا -

یَا لَطِیْفُ جس شخص کی لڑکی کنواری ہو اور اس کا پیغام نہ آتا ہو تو وضو کر کے دو رکعتیں پڑھے اور پھر ایک سو مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر دعا کرے - انشاءاللہ مدعا حاصل ہو گا - نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد اس اسم کو اگر معمول بنا لیا جائے تو بڑے فائدے ہوتے ہیں -

یَا جَلِیْلُ اگر کسی کو عدالت میں جھوٹی گواہی کا خطرہ ہو تو وہ شخص ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر گواہ کی طرف دم کرے - انشاءاللہ گواہ جھوٹی گواہی سے باز آ جائے گا -

یَا کَرِیْمُ اگر اس مقدس اسم کا ورد کیا جائے تو لوگوں میں عزت بڑھے گی - اور تنگدستی سے نجات ملے گی -

یَا رَقِیْبُ اگر کسی شخص کے پھوڑا پھنسی یا ناسور ہو گیا ہو اور وہ اچھا نہ ہوتا

ہو تو سات دن تک تین سو مرتبہ اس مقدس اسم کو پڑھ کر زخم پر دم کرے۔ انشاء اللہ زخم ٹھیک ہو جائے گا۔

یَا مُجِیْبُ اگر کسی شخص کے خط کا جواب یا درخواست کا جواب نہ آتا ہو تو اسے چاہیے کہ نماز فجر کے بعد ایک ہزار مرتبہ اس مقدس اسم کا ورد کرے اور تین دن تک جاری رکھے اور تصور یہ کرے کہ خط کا جواب بحکم خدا جلد آنے والا ہے۔

یَا کَبِیْرُ اگر کوئی بیمار اس مقدس نام کو ۹۰ مرتبہ روزانہ پڑھے تو انشاء اللہ تعالٰی کے کرم سے جلد تندرستی پائے۔

یَا حَفِیْظُ بچے کو نظر بد سے بچانے کے لیے اس مقدس نام کو گیارہ مرتبہ سفید کاغذ پر لکھے اور اس کا تعویذ اس کی گردن میں ڈالے۔ اللہ تعالیٰ بچے کو نظر بد سے محفوظ رکھے گا۔

اگر کسی کا مال گم ہو جانے کا اندیشہ ہو تو اس مال پر یا مال کے اندر اس مقدس نام کو کاغذ پر لکھ کر رکھ دے۔ انشاء اللہ وہ مال ہر طرح سے محفوظ رہے گا۔

یَا مُقِیْتُ اگر کسی کی آنکھیں دکھتی ہوں تو سات مرتبہ اس مقدس اسم کو پڑھ دم کرے۔ سرمہ یا دوا لگائے۔ تین روز میں افاقہ ہو جائے گا۔ اگر کسی کے درد قولنج اٹھتا ہو تو اسے ایک سو دفعہ پانی پر دم کر کے پلائے۔ انشاء اللہ درد سے نجات حاصل ہوگی۔

یَا وَلِیُّ اس مقدس نام کا ورد کرنے والا صاف باطن بن جائے گا اور اس میں دو

اوصاف پیدا ہوں گے کہ لوگوں کی اصلیت کو پہچان جائے گا اور دھوکہ نہ کھائے گا۔

یَا حَمِیْدُ جس شخص کی زبان پر گالیاں چڑھ گئی ہوں۔ وہ اس نام کا ورد کرے۔ انشاء اللہ گالیاں دینا چھوڑ دے گا۔

جو شخص اس مقدس اسم کو نماز فجر میں روزانہ ۱۰۱ مرتبہ پڑھے گا۔ اس کے دشمن سرنگوں رہیں گے۔

یَا مُحْصِیُ اگر کسی شخص کا بچہ کھو گیا ہو تو وہ اس مقدس اسم کو کثیر تعداد میں پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ کھویا ہوا بچہ مل جائے گا۔ بشرطیکہ زندہ ہو۔

یَا مُبْدِیُ اس مقدس نام کا ورد انسان کو صادق القول بنا دیتا ہے۔ اس اسم کو اکثر پڑھتے رہنا چاہیئے۔ لیکن کوشش بھی اس بات کی کرنا چاہیئے کہ سچ کو زندگی کا شعار بنایا جائے۔

یَا مُعِیْدُ اگر کسی شخص کا کوئی رشتہ دار کھو گیا ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو آدھی رات کے وقت پاک صاف ہو کر مکان کے چاروں کونوں میں کھڑا ہو کر ستر ستر مرتبہ اس مقدس نام کو پڑھے اور اس کے بعد کہے۔ "یا معید پھیر لا میرے پاس فلاں غائب کو لا" اس عمل کو سات روز تک پڑھے۔ انشاء اللہ سات دن کے اندر غائب حاضر ہو جائے گا۔

یَا مُمِیْتُ جس شخص کو جادو کا خوف ہو وہ ۷۹۰ مرتبہ اس نام کو پڑھ کر

دم کرے۔ انشاء اللہ خوف جاتا رہے گا۔

یَاحَیُّ اگر کوئی شخص بیمار ہو اور اس مقدس نام کا ورد کرے تو انشاء اللہ جلد شفا یاب ہو جائے گا۔

یَاقَیُّوْمُ صبح صادق کے بعد سے سورج نکلنے تک اس مقدس نام کا ورد دلوں کا مسخر کرنے کے لیے بہتر ہے۔

یَااَوَّلُ صبح سورج نکلنے سے پہلے ایک سو ایک مرتبہ اس مقدس نام کو پڑھنے سے لوگوں میں مقبولیت حاصل ہوتی ہے۔

یَااٰخِرُ جس شخص کو کسی انجان جگہ پر جانا ہو اور وہاں انجان لوگوں سے واسطہ پڑنا ہو تو اس مقدس نام کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر جائے۔ انشاء اللہ سب عزت سے پیش آئیں گے۔

یَابَدِیْعُ اگر کسی معاملہ میں انجام معلوم کرنا ہو تو عشاء کی نماز کے بعد باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر کم از کم ۹۲ مرتبہ اس مقدس نام کو پڑھے اور اس کو پڑھتے پڑھتے سو جائے انشاء اللہ خواب میں ہدایت حاصل ہوگی۔

یَابَاقِیُ اگر کسی کھیت کے برباد ہونے کا خطرہ ہو تو چار عدد ٹھیکریوں پر اللہ باقی تین تین مرتبہ لکھ کر کھیت یا باغ کے چاروں کونوں پر دفن کر دے انشاء اللہ کھیت

محفوظ رہے گا۔

یَاوَارِثُ اگر کوئی شخص آفتاب نکلنے کے وقت اس نام کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھے اور اس عمل کو روز کرتا رہے تو دنیا میں کوئی غم اس کو درپیش نہ ہوگا۔

جس شخص کو اپنے کام کی تدبیر معلوم نہ ہوتی ہو اسے چاہیے کہ نماز عشاء کے بعد تین ہزار بار اس مقدس اسم کو پڑھے اور سو رہے۔ انشاء اللہ دعا قبول ہوگی۔

یَاصَبُوْرُ کسی شخص کو اگر کوئی مصیبت پیش آئے تو اسے چاہیے کہ وہ اس مقدس اسم کو ۱۳۱ مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالےٰ سے مصیبت سے نجات پانے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ دعا قبول ہوگی۔

یَاجَامِعُ اگر کسی کے گھر والوں میں تفرقہ پیدا ہو گئی ہو تو اس گھر کا کوئی شخص اس اسم کو روزانہ اکیس دن پڑھے۔ اللہ تعالےٰ اتحاد پیدا کرے گا۔

یَاوَاحِدُ جس شخص کی اولاد نرینہ نہ ہوتی ہو وہ رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کو نماز جمعہ کے بعد اس مقدس نام کو ۱۰۰۱ مرتبہ کاغذ پر تحریر کرے اور اسے تعویذ بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ اس کی مراد پوری ہوگی۔

یَااَحَدُ اگر اس مقدس اسم کے ساتھ یا واحد ملا کر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر سانپ کے کاٹے پر دم کرے تو انشاء اللہ زہر زائل ہو جائے گا۔

یَاصَمَدُ جو شخص اس مقدس اسم کو عشاء کی نماز کے بعد ہمیشہ ایک سو ایک مرتبہ

پڑھے گا وہ کبھی کسی ظالم کے ظلم کا نشانہ نہ بنے گا۔

یَا قَادِرُ جو شخص وضو کرتے وقت اس مقدس نام کو پڑھے گا کبھی کسی دشمن کے ہاتھ نہیں آئے گا۔

یَا مُقْتَدِرُ جو شخص کوئی ایسا کام کرنا چاہتا ہو جو اس کی طاقت سے باہر ہو وہ نماز فجر کے بعد اس مقدس نام کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ کامیاب ہوگا۔

یَا مُقَدِّمُ جو شخص اسم مقدم کا ورد کرے گا وہ نیک کاموں میں سبقت لے جانے کی کوشش کرے گا۔

یَا مُؤَخِّرُ جو شخص اس اسم گرامی کا ورد کرے گا اس کے مشکل سے مشکل کام آسان ہو جائیں گے۔

یَا غَنِیُّ اس مقدس اسم کا ورد انسان کو تونگر بنا دیتا ہے۔ اگر کوئی تاجر اپنی دکان کا قفل کھولنے سے پہلے ستر مرتبہ اس مقدس اسم کو پڑھے تو اس کی آمدنی میں کافی اضافہ ہو۔

یَا مُغْنِی جو اس مقدس نام کا ورد کرے گا وہ نہایت کریم النفس بن جائے گا اس کی عادتیں نیک ہو جائیں گی اور بڑی سے بڑی مشکل سے نہیں گھبرائے گا۔

یَا نَافِعُ مال تجارت خریدتے وقت اس مقدس نام کا ورد نفع کا باعث ہوتا ہے

اس مال میں برکت ہوتی ہے۔

یَا نُوْرُ اس مقدس نام کا ورد کرنے سے دل روشن ہوتا ہے۔ اور جس مکان میں ورد کیا جائے وہ بھی روشن رہتا ہے۔ اور اس مکان میں کوئی موذی کیڑا اور بھوت پریت نہیں ٹھہر سکتے۔

یَا ہَادِیُ سفر پر جاتے وقت کم از کم گیارہ مرتبہ اس اسم کو پڑھنا چاہیے۔ اس سے سفر میں کوئی خطرہ پیش نہیں آ سکتا۔

یَا مُنْعِمُ جو شخص اس مقدس نام کا ورد کسی بھی فرض نماز کے بعد کرے گا۔ وہ کبھی مفلس نہیں ہوگا۔ جس عورت کو بچہ نہ ہوتا ہو۔ سیب کے قتلوں پر اس مقدس نام کو لکھ کر سے دن کھائے۔ صاحبِ اولاد ہوگی۔

یَا عَفُوُّ جس شخص کی طبیعت میں غصہ بہت ہو اور بلاوجہ غصہ کرتا ہو اسے ۱۵۶ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جائے تو اس کا غصہ جاتا رہے گا۔

یَا رَؤُفُ اگر کوئی ظالم حاکم بلائے تو اس کے پاس جانے سے پہلے اس مقدس نام کو ۲۸۶ مرتبہ پڑھا جائے۔ حاکم اچھی طرح پیش آئے گا۔

یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اگر کوئی شخص اپنے حاکم کی نظروں میں گر گیا ہو وہ اس مقدس اسم کا ورد کرے۔ حاکم کی نظروں میں دوبارہ عزت پائے گا

یَا مُقسِطُ اگر کوئی شخص کسی غم میں مبتلا ہو وہ اس مقدّس نام کا ورد کرے۔ غم سے نجات پائے گا۔

یَا وَاجِدُ جو شخص کھانا کھاتے وقت اس مقدّس نام کو ہر نوالہ کے ساتھ پڑھے گا اس کے لیے وہ کھانا باعث رحمت ثابت ہوگا۔

یَا مَاجِدُ اس مقدّس اسم کو دس مرتبہ پڑھ کر دوا پر پھونک کر بیمار کو پلائی جائے تو موثر ثابت ہوگی۔ جلد شفا حاصل ہوگی۔

یَا ظَاہِرُ اگر کسی شخص کو محسوس ہو کہ اس کی بینائی کمزور ہوتی جارہی ہے۔ اسے چاہیے کہ وہ اس مقدّس اسم کا ورد کرے اور پانی پر دم کر کے پیئے۔ نیز سلائی سے اپنی آنکھوں میں لگائے۔ انشاءاللہ روشنی بحال ہوگی۔ آندھی اور بارش کے طوفان کے وقت اس مقدّس اسم کا ورد کرنا چاہیئے۔

یَا بَاطِنُ جس مکان کی دیوار یا پیشانی پر اس مقدّس نام کو لکھ دیا جائے گا۔ وہ طوفان یا زلزلہ سے محفوظ رہے گا۔

یَا متوالی اس نام کا ورد کرنے والا کبھی پست ہمتی کا شکار نہیں ہوتا اور ہر مقام پر بلند ہمتی کا ثبوت دیتا ہے۔

یَا بَرّ جو شخص کشتی یا جہاز میں سوار ہوتے وقت اس مقدّس اسم کو کم از کم سات

مرتبہ پڑھے گا وہ سمندری طوفان یا دوسری بلاؤں سے امن میں رہے گا۔

جو شخص کسی دشمن سے مغلوب ہو وہ تین جمعے اکیس ہزار مرتبہ اس مقدّس نام کو پڑھے۔ ہر جمعہ کو سات ہزار مرتبہ۔ انشاءاللہ اسی عرصہ میں دشمن کے پنجہ سے بالیقین آزاد ہوگا۔

اسمائے حسنہ بحساب ابجد ہوز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں کل ١٩ حروف ہیں۔ اسی طرح اسماء پنجتن پاک یعنی محمدؐ علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ، حسینؑ میں بھی کل ١٩ حروف ہیں۔ جو شخص اپنے نام کے اعداد بحساب ابجد نکالے، سمجھے کہ اتنے ہی روز میں اُس کا کام ہو گا۔ پس اسمائے باری تعالےٰ کے اعداد کو "اصغر صغائر" بنائے اور ان ایام تک ورد کرے۔ اتنے ہی دنوں میں کام پورا ہو گا۔

بلائے جمیع امراض نقش یا بدوح کی خانہ پوری سلسلہ وار کرنا چاہیئے جیسا کہ نیچے دیئے گئے خاکہ میں ہے۔ چنانچہ یا ودود کے بھی اعداد یہ ہیں۔ اس کا بھی خاکہ یہی ہو گا جو تسخیر خلائق کے لیے ہے۔

٧٨٦

٨	٢	١٠
٩	٧	٤
٣	١١	٦

مخفی نہ رہے کہ اسمائے باری تعالیٰ جس کے حروف طاق ہیں وہ تفریق کے لیے ہیں اور جس کے حروف جُفت ہیں وہ محبت و تسخیر کے لیے ہیں جو اسمائے حسنہ حسب ذیل حروف سے شروع ہوں وہ جلالی ہیں۔

ا ل م ص ن ہ ی ع ط س ح ق ن و

(کُل ١٤ حروف)

اور جو اسمائے باری تعالیٰ حسب ذیل حروف سے شروع ہوں وہ جمالی ہیں۔

ب ت ر ز ض غ ذ

(کل ٧ حروف)

اور جن اسمائے الٰہی کے حروف حسب ذیل ہوں وہ مشترک ہیں۔

ث ج خ د ش ظ ف

(کل حروف ٧)

اگر کوئی شخص صاحب اولاد ہو اور یہ دریافت کرنا چاہیئے کہ اس کے بعد اس کا قائمقام کون ہو گا تو ہر فرزند کے نام کے اعداد بحساب ابجد الگ الگ نکالے اور جس کے نام کے اعداد کی تعداد کلمہ طیبہ "لا الٰہ الا اللّٰہ (١٣٥) "محمد رسول اللّٰہ" (٤٢٤) کے اعداد سے مشابہ ہوں وہی قائمقام ہو گا۔ دس کم ہوں یا دس زیادہ بہت بھی وہی شخص ہو گا۔ اگر تمام کلمہ کے اعداد مطابقت نہ کریں صرف "محمد رسول اللّٰہ" کے اعداد مشابہ ہوں تب بھی وہی شخص قائمقام ہو گا۔

قواعدِ عمل تکسیر کی رو سے جس غرض کے لیے عمل کرنے کی ضرورت ہو اس کے موافق اسمائے باری تعالےٰ میں سے کوئی نام منتخب کریں۔ مثال کے طور پہ آپ نے حُب کا عمل تیار کرنا ہے۔ اور حُب کے لیے اسم یا ودُود کو شامل کرنا ہے۔ نام طالب زبیر اور نام مطلوب بدر ہے۔ بعض کے عملیات کے لیے اسم یا قہار شفائے امراض کے لیے یا نافع۔ اور بلندی مراتب کے لیے یا رحمٰن۔ فتح مندی کے لیے یا فتاح۔ غرض جس مقصد کے لیے عمل کرنا ہو اسماء کا انتخاب کر لیں۔ اب عمل حُب کی تکسیر یہ ہو گی۔ سب سے پہلے زبیر اور بدر کے ناموں کی تکسیر کرنی ہے۔ یعنی علیحدہ علیحدہ حروف لکھ کر ایک حرف بائیں ایک دائیں سے لے کر سطر ختم کریں۔ پھر اس سطر پر چپ راست کا یہی عمل کریں۔ یہاں تک کہ سطر

اوّل سطر آخر میں ظاہر ہو جائے ۔ جفر میں اس قاعدہ کو صدر مؤخر کرنا کہتے ہیں ۔ سطر آخر کو زمام کہتے ہیں ۔ تکسیر اس کی یہ ہے ۔ پہلے مطلوب کا نام ۔ پھر اسم باری تعالیٰ ۔ پھر نام طالب علیحدہ حرفوں میں لکھیں ۔

ب	د	د	و	د	و	د	ز	ب	ی	ر
د	ب	ی	د	ز	ر	د	و	و	د	و
د	د	ر	د	ر	ب	ر	د	د	و	د
و	د	و	د	د	ب	ی	ر	ر	د	ر
ز	ب	د	ب	ز	ب	ی	ر	ب	د	ر
د	د	و	د	و	د	و	د	ب	د	ر
ب	د	د	ر	ب	ر	ر	ز	ب	ی	ر

اب سطر اوّل سطر آخر میں ظاہر ہو گی ۔ اس بیتے تکسیر ختم ہو گئی ۔ یہ تکسیر چھ سطروں کی ہے ۔ اس کے چھ فیتلے بنیں گے ۔ اب طالب و مطلوب اور اسم باری تعالےٰ میں جو مکرر حروف آئے ہیں ان کو کاٹ دو ۔ اس طریق کو تخلیص کہتے ہیں ۔ یعنی دوبارہ حروف کوئی نہ ہو ۔ ب ۔ د ۔ و ۔ ز ۔ ی حروف تخلیص سے حاصل ہوئے ۔ ان کے موکلات نکالیں ب کا موکل جبرائیل ۔ وکا اموائیل ۔ وکا رفتمائیل ۔ دکا دردائیل زکا سرفائیل ۔ ی کا سرکتائیل ۔ ان حروف کے موکل معلوم ہو جانے کے بعد ان کے قائم مقام اسمائے باری تعالیٰ معلوم کرتے ہیں ۔ جو دو طرح سے معلوم کئے جاتے ہیں ۔ ایک کو مبینہ اور دوسرے کو زبوریہ کہتے ہیں ۔ جو حرف کہ اسم الٰہی کے شروع میں آجائے وہ زبوریہ کہلاتا ہے مثلاً ب اسم باری میں اول آتا ہے ۔ یہ زبوریہ کہلائے گا ۔ حسیب ب بعد میں آتی ہے ۔ یہ مبینہ کہلائے گا ۔ زبوریہ اسم بہتر[2] ہوتے ہیں ۔

جو اسم نوح کہلاتے ہیں ۔

اگر کسی حروف کا زبوریہ نہ ملے تو مبینہ اختیار کریں ۔ اس کے علاوہ یہ بھی خیال رکھیں کہ حرف کا موکل اور اسم الٰہی کا موکل ایک ہو خواہ اسم زبوریہ اختیار کرنا پڑے خواہ مبیّنہ ۔ اگر زبوریہ میں موکل ایک ہی نکل آئیں تو سب سے افضل ہوتا ہے ۔ ذیل میں حروف تخلیص کے موکلات دیئے جاتے ہیں ۔

پہلا حرف ب ہے ۔ موکل جبرائیل اور اس کی جگہ اسمائے زبوریہ یا باری

یا باسط ۔ یا بصیر ۔ یا باعث ۔ یا باطن ۔ یا برّ
یا بدیع ۔ یا باقی ہیں ۔ اور مبینہ کے یا وھاب ۔ یا رقیب
یا مجیب ۔ یا حسیب ۔ یا توّاب ۔ یا ربّ

اب دیکھنا یہ ہے کہ ان تمام اسمار میں سے زبوریہ یا مبینہ میں سے کون سا اسم موافق ہے ۔ اس کے لیے تین باتوں کا جاننا ضروری ہے ۔ ایک تو یہ کہ ہمارا عمل محبت کا ہے ۔ ان اسماء میں سے کون سا اسم محبّت کے موافق ہے ۔ دوسرا حرف کا موکل اور اسم کا موکل ایک ہو ۔ تیسرا حرف اگر باری ہے تو اسم باری تعالیٰ بھی باری ہے ان تینوں باتوں کو ملا کر اسم باری کا انتخاب کر لیں ۔ اگر تینوں ایک ہی اسم میں نہ پائی جائیں تو موکل ہی کافی ہے ۔ حرف سب کے زبوریہ اسمار میں باری کا موکل ملتا ہے مگر ب باری ہے ۔ اور باری کا آتشی اسم ہے ۔ اس لیے اس کو چھوڑ دیا ۔ باسط باری حرف ہے ۔ موکل بھی ملتا ہے ۔ مگر معنی کے لحاظ سے مختلف ہے یعنی روزی کو کشادہ کرنے والا ۔ لیکن اسی کو اختیار کیا ۔ کیونکہ اور اسمار میں سے کوئی اتنا موافق نہیں ۔ موکل اور عنصر ان کا ایک ہی ہے ۔ اس لیے یہ سب سے افضل ہے ۔ اگر حرف کا موکل اسم کے خلاف ہو تو زبوریہ کو ترک کر کے مبینہ اختیار کریں اور جس اسم کے حروف طالب و مطلوب میں زیادہ ہوں وہ سب سے افضل ہوتا ہے ۔ اس طرح تمام حروف

کے اسمار معلوم کیے جو یہ ہیں۔ ب (باسط) مگر آتشی ہے مگر آتشی اور بادی میں موافقت ہوتی ہے اور بہت سے حروف طالب و مطلوب کے اسماء زبیر اور بدر میں آتے ہیں۔ اس لیے اس کو اختیار کیا۔ موکل بھی موافق ہیں۔

ر (روف) و (وھاب) د (رشید) ز (عزیز) ی (ولی)

ہوئے تخلیص کرنے سے ب۔ ز۔ ر۔ و۔ د۔ ز۔ ی۔ سات حرف حاصل ہوئے۔ ان کے ثلاثی کلمے بنائے۔ یعنی تین تین حروف کو مرکب کر لیا تو ایک کلمہ رباعی کا بنے گا اور ایک ثلاثی۔ کلمہ مرکب کی صورت یہ ہوگی۔ زبیر و درزی۔ اب عزیمت یہ ہوگی۔

عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ وَ اَقْسَمْتُ بِکُمْ۔ لِکُلِّ اِسْمٍ حَامِلٍ مِنْ تَکْسِیْرِ هٰذَا الْحُرُوْفِ بِکْرُوْ دِرْزِیْ وَیَا مَلَائِکَةُ هٰذَا الْحُرُوْفِ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا عَرُوْدَائِیْلُ یَا اَمْوَاکِیْلُ یَا رُقْتَمَائِیْلُ دَرْدَائِیْلُ یَا سَرْفَائِیْلُ یَا سَرْکَھَائِیْلُ مِنْ اَسْمَاءِ رَبِّنَا وَ رَبِّکُمْ وَ اِلٰهِکُمْ وَ هُوَ اَسْمَاءُ اللّٰهِ یَا بَاسِطُ یَا کَبِیْرُ یَا رَؤُفُ یَا وَهَّابُ یَا رَشِیْدُ یَا عَزِیْزُ یَا وَلِیُّ وَمِنْ اِسْمَاءِ کُمْ وَ مَلٰئِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَ الْاَرْوَاحِ الْمُقَدَّسِیْنَ لِتَهْتَدُ وَ تَهِیْجُوْا قَلْبَ بَکْرٍ عَلٰی حُبِّ وَ الْعَطَاءِ الرِّفْعَتِ الْحَشْمَتِ زَیْدُ اَبَدًا سَرْمَدًا فِیْ کُلِّ حَالٍ وَّ زَمَانٍ وَّ مَکَانٍ اَلْعَجَلُ الْعَجَلُ اَلْعَجَلُ۔

یہ عزیمت تسخیر کے لیے ہے۔ حب کے لیے علی حب کے آگے درج ذیل شامل کر دیں۔

اَبَدًا عَاشِقًا مَجْنُوْنًا وَ دَائِمًا اَبَدًا فِیْ کُلِّ حَالٍ وَ زَمَانٍ وَّ مَکَانٍ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ کریں۔

رب سات سطروں کی سات بتیاں تیار کر لیں۔ ہر بتی کے ساتھ یہ عزیمت بھی

لکھیں۔ اسما الٰہی جلائے نہیں جاتے بسم اللہ کے لیے اعداد نکال کر ان کی جگہ لکھ لیں۔ ہر روز ایک علیحدہ پاک صاف جگہ میں نیک ساعت میں کورا چراغ لے کر چنبیلی کا تیل ڈال کر فتیلہ روشن کریں اور چراغ کا منہ خانہ مطلوب کی طرف کریں۔ عود اور لوبان کا بخور جلائیں اور اس عزیمت کو حروف تخلیص کی تعداد کے مطابق چراغ کے پاس بیٹھ کر پڑھیں۔ مطلوب کا تصوّر کامل رکھیں۔ مطلوب چھ دن کے اندر حاضر ہوگا۔

دافع مرض اختناق

عورتوں کو بعد زچہ خانہ یا دیگر اسباب سے عارض ہو جاتا ہے۔ حروف ذیل کو لکھ کر گلے میں ڈالا جائے۔

۷۸۶

ے

ااا ۔ اااب ۔ ااات ۔ ااااث

اااج ۔ اااح ۔ ااااخ ۔ ااااد ۔ ااااذ

اااار ۔ اااز ۔ ااااس ۔ اااااش ۔ ااااص

ااااض ۔ ااااط ۔ ااااظ ۔ ااااع ۔ ااااغ

ااااف ۔ ااااق ۔ ااااک ۔ ااااال ۔ ااااام

ااان ۔ ااااو ۔ ااااھ ۔ ااااھ ۔ ااااه

ااااۃ ۔ ااااع ۔ ۸۳ ۔ ۱۱ھ ۱۱ھ

ااھ ۸۰۷ ھھ

اسرار اجنّا

مسجد یا کسی دوسری جگہ تنہائی میں ایک وقت مقررہ پر چار رفتر

تک بارہ ہزار مرتبہ اسم مبارک "یا علیّ" پڑھے ۔ انشاء اللہ مراد پوری ہوگی ۔ یہ اسم مبارک اسم اعظم ہے ۔ درج نقش کا تعویذ بازو سے باندھیں ۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۵۳۹۱۳	۵۳۹۱۶	۵۳۹۱۹	۵۳۹۰۵
۵۳۹۱۸	۲ ۵۳۹۰۶	۷ ۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۷
۵۳۹۰۷	۱۶ ۵۳۹۲۱	۹ ۵۳۹۱۴	۵۳۹۱۱
۵۳۹۱۵	۵۳۹۱۰	۵۳۹۰۸	۵۳۹۲۰
۱۰	۵	۴	۱۵

عدد کبیر و صغیر اکثر کتب میں عدد کبیر و صغیر کا تذکرہ آیا ہے جس کے سمجھنے کی ضرورت ہے ۔ مثلاً نام باری تعالیٰ یا بدوح ہے ۔ یہ صغیر ہے ۔ اس کے اعداد (۲۰) ہیں ۔ بیس کو چار سے ضرب دیا تو اسّی ہوئے ۔ اس عدد کو اب کبیر اور اس کو چار گنا کر دینے پر (۳۲۰ عدد کو) اکبر کہیں گے ۔ اور اس عدد کو پھر اگر چار سے ضرب دیں تو حاصل ضرب کو (۱۲۸۰) کبائر کہیں گے اور اگر پھر اسے چار سے ضرب دیں تو حاصل ضرب یعنی (۱۲۸۰) کو کبائر کہیں گے اور اگر پھر اسے چار سے ضرب دیں تو حاصل ضرب یعنی ۵۱۲۰ کو اکبر کبائر کہیں گے ۔

اسی طرح اگر عدد صغیر یعنی بدوح کے اعداد (۲۰) کو اور صغیر کریں گے تو اس عدد ۱۰ کو اصغر کہیں گے ۔ اور پھر اسے بھی نصف کیا تو ۵ کے عدد کو صغائر کہیں گے ۔ اور اگر پھر اسے بھی نصف کریں گے تو اس کی صورت یوں ہوگی ۔ ایک حصہ ۲ ، اور دوسرا حصہ ۳ کا عدد ہوگا اور ۲ کے عدد کو چھوڑ دیں گے اور ۳ کے عدد کو لے لیں گے جسے اصغر صغائر کہیں گے ۔

اجابت دعا بعد نماز مغرب قبلہ رو بیٹھ کر سو مرتبہ درود بعدہٗ پانچسو مرتبہ

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

بعد ازاں سو مرتبہ یا فتاح ، اس کے بعد سو مرتبہ یا وھاب پھر یا رزاق بعدہٗ یا مُعِزُّ اور آخر میں سو مرتبہ یا سَلَامُ پڑھ کر اپنی حاجت رب العزت سے مانگے انشاء اللہ مراد پوری ہوگی ۔

برائے دست غیب شیخ بہاؤالدین عاملی سے منقول ہے کہ جو کوئی یا کافی ، یا غنی ، یا فتاح ، یا رزاق ، بہ تعداد عدد کبیر یعنی ۴۶۲۷۶ مرتبہ تنہائی میں پڑھے تو اس پر دستِ غیب جاری ہو جائے گا ۔

قطیفہ کے وقت مقرر کا لحاظ رکھے ۔ لباس پاکیزہ ہو ۔ خشوع و خضوعِ قلب سے پڑھے ۔

برائے تسخیر قلوب اسم جلالہ یا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاسِعُ پندرہ ہزار بار چالیس دن تک پڑھے ۔ برائے تسخیر قلوب اسم یَا وُدُوْدُ کا ورد بھی مجرب ہے جو عدد اسم مطلوب کے برابر پڑھے ۔ محبت و مودت پیدا کرنا اس کا خاصہ ہے اور اس کو معہ نام مطلوب لکھ کر اپنے پاس رکھے ۔ مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہوگی ۔

رفع حاجت قدمائے صاحب حاجت ، صاحب ضرورت کے لیے ایسی ہدایات کی ہیں جن سے ان کی قوت ارادی قوی ہو جائے ، عقلِ سلیم کے جوہر پیدا ہو جائیں ۔ خباثت نفسی دور ہو جائے ۔ چنانچہ وہ شخص جو واقعی صاحبِ ضرورت ہو اپنے نام کے اعداد حسب طریقہ ذیل نکال کر رب العزت کے نام کو شامل کر کے بطور وظیفہ

پڑھا کرے انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہو گی۔

مثلاً" نام ہے عابد علی۔ نام کا پہلا حرف "ع" مستوی کہلاتا ہے۔ پورے نام کے اعداد بحساب ابجد نکالے تو کل ۱۸۷ ہوئے۔ اس کو ۲۸ سے تقسیم کیا تو ۱۹ بچے۔ حروف کو شمار کیا تو اگر ۱۹ واں حرف (ث) ہے تو یہ دلیلی کہلائے گا۔ حرف "ث" کے اعداد ۷۰۰ ہوتے ہیں۔ اس کو ۲۸ سے تقسیم کیا تو ۸ باقی بچے۔ آٹھواں حرف "ح" یہ حرف سری کہلائے گا۔

اس طرح آپ کو حروف "ع۔ ث۔ ح" دستیاب ہوئے۔ ان تینوں حروف کے اعداد ۱۷۸ ہوئے۔ اب اللہ تعالیٰ کے نام کے مطابق تلاش کیا تو علی = ۱۱۰، حکم = ۶۸ جملہ میزان ۱۷۸۔ مطابقت ہو گی۔ اس لیے ایک وقت مقررہ پر (یا علی یا حکم) ۱۷۸ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ لیکن طہارت کا خیال رکھے۔ اور گوشت گائے، بھینس، مور اور مچھلی سے پرہیز کرے۔

اگر روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھے تو کامیابی کی جلدی امید ہو گی۔ جس مقام پہلے روز پڑھے اس کو ترک نہ کرے۔ یہ بھی ضروری روزانہ پڑھنے سے پہلے "آیۃ الکرسی" پڑھ کر اپنے جسم پر دم کرے۔ یا کسی چاقو پر دم کر کے اس کی نوک سے اپنے چاروں طرف حصار یعنی ایک گول دائرہ کھینچ لے تاکہ وظیفہ کرنے میں قلب مطمئن رہے۔ ورد کرتے وقت اوّل و آخر درود پڑھنا ضروری ہے۔ مراد پوری ہو گی۔

دیگر:۔

یا ھادی۔ یا باعث۔ یا حبیب۔ یا وُدود کا ورد اس کے لیے جادو اثر ہے۔ ان سب کے حروف مستوی، دلیلی، سری ہیں۔ ان کے اعداد ۶۳۵ ہوئے۔ مناسب ہے کہ روزانہ ۳۶۰ بار اسمار مندرجہ بالا پڑھے۔ کامیابی

ہو گی۔

وظیفہ اجابت دُعا:۔

اپنے نام میں جو پہلا حرف ہو اس سے بادر اللہ کے نام سے مطابقت کرد۔ اپنے اور اللہ کے نام کے اعداد نکالو۔ اس کو ۵ کے عدد سے ضرب دو۔ اس کے بعد بطریق جمل صغیر اس کے اعداد کم کر لیں تاکہ پڑھنے میں طوالت نہ ہو۔

اللہ تعالیٰ کے نام کے ان اعداد کے مطابق روزانہ ایک وقت مقرر ہو اور ایک مقام پر ورد کریں۔ مدت ورد چالیس دن۔ اس میعاد کے اندر اندر اگر مقصد خلاف شریعت نہیں تو انشاء اللہ پورا ہو گا۔

مثلاً صاحب وظیفہ کا نام حکیم الدین = ۱۷۳ ہے۔ اور "یا حکیم" = ۷۸ کل حاصل مجموعہ = ۲۵۱ ہوئے پھر اسے ۵ سے ضرب دیں تو ۱۲۵۵ ہوئے۔ پھر اس کو آپس میں جوڑیں تو ۱۳ ہو گئے۔ لفظ ۱۳ کے اعداد بحساب ابجد نکالے تو ۶۱۵ نکلے۔ لہٰذا ۶۱۵ مرتبہ روزانہ بلا ناغہ "یا حکیم" جو ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی مشکل آسان کرے۔

دیگر:۔

بعض اوقات آدمی اپنی زندگی میں ایسی دشواریوں اور الجھنوں سے کٹا جاتا ہے۔ اس کی سوجھ بوجھ مفقود ہو جاتی ہے اور وہ صاحب الرائے نہیں رہتا۔ عقل و فہم سے عاری ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ایسی صورت میں بہتر ہے اللہ سے مدد مانگے۔ تاکہ وہ پریشانی کو دور کرنے کے اسباب پیدا کر دے کہ وہ مسبب الاسباب ہے۔

پریشانی کو دور کرنے کے لیے آیۂ کریمہ مجرب ہے۔ "الکریم الوھاب" ود

الغَوْل* بہ قصد و بہ تعداد ۱۰۲۸ مرتبہ روزانہ وقت مقررہ پر پڑھا کرے۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

کامیابی کے بعد اس پر لازم ہے کہ ۱۴ اشخاص کو کھانا کھلائے۔ ذطیفہ کرنے کے لیے مقام اور وقت کا تعین کرے۔ اوّل و آخر ایک سو بار درود پڑھنا نہایت ضروری ہے۔

حل المشکلات :-

اسمائے حسنہ حصول حاجات میں اثرات کے لحاظ سے ہمہ گیر ہیں۔ اس لیے کسی عمل کو جس مقصد کے لیے وضع کریں اسی کے مطابق اختیار کریں۔ مثلاً حُب کا عمل ہو تو اوقات سحر اختیار کریں۔ بغض کا ہو تو اوقات نحس اختیار کریں۔ اور انہی کے متعلقہ لوازمات کو ملحوظ رکھیں۔ کامیابی کے لیے ملزومات اعمال اور طریق کار سے آگاہ ہونا بہت ضروری ہے۔ تعین وقت، جگہ، قلم، رجال الغیب بخور وغیرہ کا ہر عمل میں خیال رکھیں کامیابی کے لیے یہ نہایت ضروری ہے۔

اسمائے حسنیٰ سے طلب حاجات کا ایک اور طریقہ یہ ہے کہ اپنی حاجت کے مطابق اسم الٰہی کا انتخاب کرے۔ یہ دس اسمائے ہر حاجت کے لیے کفایت کریں گے۔

۷۸۶

اسمائے حسنہ	تعداد	حاجت	دن متعلقہ
شافی	۳۹۱	شفائے امراض کے لیے	بدھ
کافی	۱۱۱	کفایت، مہمات دنیوی اور تحفظ	بدھ
غنی	۱۰۶۰	برائے دولت	جمعرات
فتاح	۴۸۹	فتوحات کے لیے	ہفتہ
رزاق	۳۰۸	رزق و ملازمت کے لیے	جمعہ
ودود	۲۰	محبت و تسخیر کے لیے	جمعہ
لطیف	۱۲۹	افسر یا امرا کی مہربانی کے لیے	جمعرات
واسع	۱۳۷	ترقی رزق کے لیے	بدھ

طریقہ یہ ہے کہ پہلے اسم مطلوب لکھے۔ یعنی اسمائے حاجت میں سے ایک لکھے پھر دوسری سطر میں اپنا نام یا طالب کا لکھے۔ اب ان کو امتزاج دے۔ اسم الٰہی کو نام کے اندر اتنی بار امتزاج دے کر نام کے حروف ختم ہو جائیں۔

مثلاً

مطلوب = رزاق = عدد = ۳۰۸

طالب = احمد حسن = اح م د ح س ن = عدد = ۱۷۱

امتزاج = ر ا ز ح ا م ق د ر ح ز س ا ن ق = عدد = ۷۸۷

۷۸۷ کا ایک نقش مربع لکھیں۔ چونکہ ۷۸۷ کو ۴ پر تقسیم کرنے سے ۳ باقی بچے اس لیے مربع خاکی لکھا جائے گا۔ اور اس کے ارد گرد حروف امتزاج لکھے جائیں گے۔ بطریق مربع ۳۰ تفریق کیے۔ ۴ پر تقسیم کیے تو حاصل قسمت ۱۸۹

باقی رہا ایک نقش یہ ہے۔ ر ا ز ح ا م ق د ر ح

۷۸۶

۱۹۳	۱۹۲	۲۰۴	۱۹۸
۲۰۵	۱۹۷	۱۹۴	۱۹۱
۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰	۲۰۲
۱۹۹	۲۰۳	۱۸۹	۱۹۶

دو نقش لکھیں۔ ایک طالب باندھے۔ ایک گھر میں کسی بھاری چیز کے نیچے دبا دیں کیونکہ خاکی نقش ہے۔

اس نقش کو عروج ماہ میں جمعہ کے دن طلوع آفتاب پر ساعت اول میں زعفران سے لکھیں۔ بخور خوشبو کا کرے۔ اور ہر روز اسم "یا رزاق" ۷۸۶ مرتبہ پڑھے، انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

اگر مندرجہ بالا عمل کرتے ہوئے ۴۰ دن ہو جائیں اور تاثیر ظاہر نہ ہو تو مطلوب اور طالب کے حروف ملفوظی کریں مثلاً۔

سطر مقصود = رزاق ـ اح م دح س ن

سطر ملفوظی = رازا ـ الف ـقاف ـحا ـ میم ـ د ـحا سین ـ ن

اس سطر کے اعداد نکالے اور مربع موافق عنصر تحریر کرے اور استعمال کرے پھر اتنی تعداد میں اسم یا رزاق کا ورد شروع کرے۔ اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیاب کرے گا۔

——✳——

آیاتِ بیّنات

(قرآنی عملیات)

گنج اسرار الٰہی کتاب است
گوہر مخزن شاہی کتاب است

قرآن حکیم اللہ تعالےٰ کا کلام پاک ہے۔ آیتوں اور سورتوں میں جتنے حروف ہیں۔ اللہ تعالےٰ کی قدرتوں اور ... کے مظہر ہیں۔ ہر حرف کے لیے ایک معنی اور ایک واقع ہے جو کوئی اس سے واقف ہو جائے بڑی بزرگی پائے۔ وہ جو چاہے وہی ہو جائے۔ اللہ تعالےٰ کے نام اور کلام سے بڑھ کر کوئی اسم اعظم نہیں ہے۔ جو کوئی اپنی حاجت روائی کے لیے قرآنی آیات کی تلاوت کرتا ہے اللہ تعالےٰ اس کی حاجت روائی کرتا ہے۔ یہ باب مختلف قرآنی آیات و سورہ سے منسوب و مخصوص ہے۔ جس غرض سے عمل کرنے کی ضرورت ہو اس کے موافق و مطابق آیات قرآنی میں سے کوئی آیات منتخب کریں۔

آیت نمبر ۱

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝

(آیۃ ۱۸۱، آلِ عمران)

روزانہ جو کوئی اس آیت کا ورد کرے گا لوگوں میں ہر دلعزیز ہوگا باوضو ہو کر طلوع

آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے اس کو چالیس مرتبہ پڑھے گا اس کی ہر حاجت اللہ تعالٰے پوری کرے گا۔

آیت نمبر ۲۔

اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ سے لے کر وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ۝ تک پڑھیں۔

(سورہ النساء آیت ۷۷)

آیت نمبر ۳۔

وَاتْلُ عَلَیْھِمْ سے لے کر مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ۝ تک پڑھیں۔

(سورہ مائدہ آیت ۲۷)

آیت نمبر ۴۔

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ سے کر وَھُوَ الْوَاحِدُ الْقَھَّارُ ۝

(سورہ الرعد آیت ۱۶)

مندرجہ بالا آیاتِ جلیلہ کو بھی آیت نمبر ۱ کی طرح اور اُسی طرح ہر مقصد کے لیے پڑھا جاسکتا ہے۔ لیکن پاک صاف ہوکر، پاک صاف ماحول میں، فضا کو معطر کرنے کے لیے اگربتی سلگالیں۔ ورد ایک ہی جگہ پر اور بلاناغہ وقت مقررہ پر کرنا ہوگا۔

آیت نمبر ۵۔

اِنَّآ اَعْطَیْنٰكَ الْکَوْثَرَ ۝ (سورہ کوثر پارہ ۳۰)

محولا بالا آیت ہلاکی دشمن کے لیے نہایت ہی سریع الاثر ہے۔ بعد از نماز عشاء بہ ساعت ستارہ زحل "۱۰۱" مرتبہ سورۃ الکوثر بطریق حسب ذیل پڑھ کر دم کرے۔ سانبھر نمک کی چالیس کنکریاں برابر لے کر منہ میں نیم کی پتی رکھ کر بخور رال سلگائے کوئلوں کی آگ اپنے پاس رکھے۔ پہلے رال کا بخور اس میں سلگائے۔ اور پھر ایک کنکری پر ۱۰۱ مرتبہ سورہ الکوثر پڑھ کر دم کرکے دشمن کا نام لے اور آگ میں ڈال دے۔ اس طرح

چالیس کنکریوں پر پڑھا جائے۔ سات روز تک یہ عمل کرے۔ دشمن ہلاک ہوگا۔

حضرت امام جعفر الصادق علیہ السلام نے فرمایا کہ "بسم اللہ الرحمن الرحیم" اسم اعظم ہے۔ سورہ الحمد۔ سورہ اخلاص، سورہ انا انزلنا، آیت الکرسی بڑی برکات و معجزات کی حامل ہیں۔

آیت نمبر ۶۔

اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ سے لے کر یَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ تک۔

(سورہ العنکبوت آیت ۴۵)

یہ آیت کریمہ تنگ دستی کو دُور کرتی ہے۔ جو کوئی نماز عشاء کے بعد نماز پڑھ کر بلاناغہ ۱۰۱ مرتبہ چالیس روز پڑھے تنگ دست نہ ہوگا۔

اور عمل دست غیب کے لیے درج ذیل آیت مجرب ہے۔

آیت ۷۔ آیۃ الکرسی پڑھے۔

طریق عمل :۔

ایک کورا چراغ اوندھا رکھو۔ دوسرا کورا چراغ اوندھے چراغ کے اوپر روشن کرو چراغ روشن کرتے وقت ۱۲۱ مرتبہ محولا بالا آیت کریمہ یا سورہ والعصر پڑھو۔ چالیس روز تک یہ عمل کیا جائے۔ اللہ تعالٰے دست غیب سے جاری کر دے گا۔

حضرت امام علی رضا علیہ السلام فرماتے ہیں کہ بعد نماز فجر درج ذیل آیات پڑھو۔ اسم اعظم سے نزدیک تر ہے۔ جیسے سیاہی چشم سے سفیدی۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ "یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ" اسم اعظم ہے۔

بانیِ علم جعفر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص چاہے کہ سوائے خدا تعالٰے کے کسی کا محتاج نہ ہو تو وہ پاک صاف ہو کر نیچے دی گئی سورۃ میں سے

کسی ایک کو چالیس روز ۱۰۱ بار درد کرے۔

سورہ یٰسین، آیۃ الکرسی، سورہ مزمّل، سورہ الحمد شریف

اللہ تعالےٰ اپنا دستِ غیب جاری کر دے گا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ہی سے مروی ہے کہ جب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نازل ہوئی تو تمام آسمان کانپنے اور تھرائے۔ زمین لرز گئی۔ فرشتوں نے اس کی تسبیح کی۔ یہی بسم اللہ حضرت اسرافیل کی پیشانی پر لکھی ہوئی ہے۔ اسی طرح حضرت آدم علیہ السلام کی بھی پیشانی پر ہے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام کے بازو پر اور حضرت عزرائیل علیہ السلام کی ہتھیلی پر، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا پر، حضرت عیسٰی علیہ السلام کی زبان پر، حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی پر اور یہی بسم اللہ قرآن شریف کے درمیان فاصلہ ہے۔

برائے حاجات اور مہمات درج ذیل قرآنی عملیات بھی مجربات ہیں۔ چالیس روز اپنے نام کے اعداد بحساب ابجد وہوز پڑھا جائے۔

۱۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِحَقِّ لَآ اِلٰـہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ؕ

۲۔ کٓھٰیٰعٓصٓ، حٰمٓعٓسٓقٓ، بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ہ
۳۲۱ مرتبہ پڑھے۔

۳۔ یَا اللّٰہُ یَا فَی یَا قیرم یا علیّ یَا حَنَّانُ ہ ۳۲۱ مرتبہ پڑھے۔

۴۔ یا اللہ یا علی یا مُطَھِّرُ یَا حَیُّ یَا ھُو ہ ۳۲۱ مرتبہ پڑھے

۵۔ یا علی یا سلامُ یَا مُنْعِمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ہ
بوقت نماز فجر ۳۲۱ مرتبہ پڑھے۔

۶۔ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ہ
۳۲۱ مرتبہ پڑھے۔

۷۔ یا علی یا قدوس یا عزیز یا والی یا ودود یا حَیُّ = ۴۵۹ = ۳۲۱ بار بوقت فجر۔

۸۔ یا اوّل یا رزاق یا عزیز یا ودود = ۴۵۹ = ۳۲۱ بار بوقت مغرب

۹۔ یا اوّل یا رزاق یا جامع = ۴۵۹ = ۳۲۱ بار بوقت عصر

(سورہ یٰسین اور اس کے خواص

۱۔ برائے عفو گناہ اور فراوانی نعمت روزانہ سو بار پڑھے۔

۲۔ برائے خوشنودی اللہ تعالیٰ روزانہ سو بار پڑھے۔

۳۔ برائے تسخیر شیاطین روزانہ سو بار پڑھے۔

۴۔ برائے دافع خوف دشمن روزانہ سو بار پڑھے۔

۵۔ برائے دافع خوف بہ سبب تنہائی جنگل و بیابان روزانہ سو بار پڑھے۔

۶۔ برائے تسخیر قلوب انگوٹھی پر کندہ کرا کر پہنے

۷۔ برائے خوف دشمناں سو بار پڑھ کر سیاہ مرچ پر دم کرے اور پھر سیاہ مرچوں کو آگ میں جلا دے۔

۸۔ برائے عقد النوم غالباً نیند نہ آنے پر قبر کہنہ کی مٹی پر پڑھ کر دفن کرے۔

۹۔ برائے دفع نقصان دشمنان مشک یا زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

۱۰۔ دشمن کی زبان بندی کرنے کے لیے لکھ کر وزنی پتھر کے نیچے دبا دیا جائے۔

۱۱۔ دشمن کو ذلیل کرنے کے لیے روزانہ پڑھے۔

۱۲۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خواب میں زیارت کرنے کے لیے روزانہ پڑھے۔

۱۳۔ اس آیت کا ورد رکھنے سے قبر میں سوال میں آسانی ہوگی۔

۱۴۔ برائے حفظ صدمات عظیمہ اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

۱۵۔ اسے روز پڑھنے والے پر اسرار عجیب ظاہر ہوتے ہیں۔

۱۶- برائے درازی عمر ورد کرے اور لکھ کر پاس رکھے۔

۱۷- برائے امن عذاب قبر اس کو لکھ کر کفن میں رکھے۔

۱۸- رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ؕ ۲۱۶۲ مرتبہ جس مطلب کے لیے پڑھے کامیاب ہو۔

۱۹- یَا قَاہِرَ الْعَدُوِّ یَا وَالِیَ الْوَلِیِّ یَا مَظْہَرَ الْعَجَائِبِ یَا مُرْتَضٰی عَلِی
ہر مقصد و مطلب اور مصائب سے نجات پانے کے لیے ہر روز ایک سو دس دفعہ ضرور پڑھا کریں۔ کامیابی یقیناً ہے۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ؕ بوقت شب ۱۴۰ مرتبہ پڑھے اور اول و آخر درود شریف پڑھے۔ منقول قرآن قلب یٰسین ہے اور قلب یٰسین یہ آیت ہے اسی آیتہ کے حروف کے اعداد نکال کر (جو مجموعی تعداد ۸۱۹ ہوتی ہے) نوخانہ کا خاکہ ہذا کی طرح پر کرے تو وہ برائے تسخیر قلوب مفید ہو گا۔ اگر زبان کے نیچے رکھ کر کسی صاحب اقتدار وافر کے سامنے جائے تو مطلب برآری ہو گی۔

۷۸۶

۲۷۴	۲۶۹	۲۷۶
۲۷۵	۲۷۳	۲۷۱
۲۷۰	۲۷۷	۲۷۲

حروف سبعہ

صاحب کتاب "دار النظیم" لکھتے ہیں کہ سات حروف حروف تہجی سے ایسے ہیں کہ وہ سورۃ حمد میں نہیں آئے۔ وہ یہ ہیں۔

ث، ج، خ، ز، ش، ظ، ف

پس یہ حروف سبعہ ایک آیۂ شریفہ و کریمہ کلام مجید میں جمع ہوئے ہیں۔ وہ آیتہ مبارکہ سورہ انعام میں ہے۔ وہ یہ ہے۔

وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَاۤ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ؕ

(سورہ انعام آیتہ ۱۲۵)

کتاب "حرز المومنین" میں وہ سات حروف جو سورۂ حمد میں نہیں آئے ہیں اس آیۂ میں اور درج ذیل آیہ میں بھی موجود ہیں اور یکجا موجود ہیں۔

اَوَمَنْ كَانَ سے لے کر مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ؕ تک

(سورہ انعام، آیتہ ۱۲۳)

صاحب کتاب لکھتا ہے کہ ایام ہفتہ سے یوم پنجشنبہ تعلق بحرف "ث" کے رکھتا ہے اور نام اس کے موکل کا حرقیائل یا حرفیائل ہے۔ اور اسماء باری تعالےٰ سے ذکر اس کا "الثابت" ہے۔

اکابر اس علم کے خواص حرف "ث" میں لکھتے ہیں کہ اگر ۵۰۷۹ مرتبہ اس حرف مفرد کو لوح صدف پر نقش کرے اور بحری سفر میں پاس رکھے تو بحری خطرات سے محفوظ رہے گا۔ اور بسلامتی ساحل پر پہنچ جائے گا۔ اگر کوئی شخص موم سے لوح بنا دے اور اس حرف کو بعدد مذکورہ یا بعد اپنے نام اور اپنی ماں کے نام کے اس لوح پر نقش کرے تو جس بہتے ہوئے پانی میں ڈالے گا وہ تھم جائے گا۔

عمل تسخیری

یہ عمل برائے کشش محبوب کے لیے مجرب ہے۔ اتوار کے دن سعد ساعت میں اسم طالب و مطلوب معہ اسم مادران امتزاج دے کر تکسیر کرے۔ جب زمام برآئے

تو اس میں دونوں اسموں کو پھر مرکب کر کے صدر موخر کرے۔ جب زمام برآئے تو اس میں دونوں اسموں کو پھر مرکب کر کے صدرِ موخر کرے۔ پھر دونوں اسموں کو امتزاج دے کر تیسری زمام نکالے۔

یہ تین زمامیں ہو جائیں گی۔ پھر ان تینوں کو امتزاج دے کر ایک فلیتہ بنائے اور مٹی کے چراغ میں روغن چنبیلی ڈال کر بخورات سلگا کر فتیلہ روشن کرے۔ اور چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف رکھے۔ اور اس آیت کو اکیس مرتبہ پڑھے۔ زیادہ سے زیادہ سات رات تک حاضر ہوگا۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ مُّعْرِضُونَ ۚ مَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّن رَّبِّهِم مُّحْدَثٍ إِلَّا اسْتَمَعُوهُ وَهُمْ يَلْعَبُونَ ۙ لَاهِيَةً قُلُوبُهُمْ ۗ وَأَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِينَ ظَلَمُوا هَلْ هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۖ أَفَتَأْتُونَ السِّحْرَ وَأَنتُمْ تُبْصِرُونَ ۚ (آیۃ ۱ تا ۳ - الانبیاء)

تکسیر حب نمبر ۲

اس کا بھی طریق عمل وہی ہے جو اوپر دیا گیا ہے لیکن عزیمت مختلف ہے۔ جو یہ ہے۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا أَيُّهَا الْأَرْوَاحُ الْمُوَكَّلَةُ بِهٰذِ الْحُرُوفِ وَبِحَقِّ مَيْطَطْرُوْنَ وَبِحَقِّ يَا إِلٰهَ الْآلِهَةِ الرَّفِيعُ جَلَالُهُ وَبِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِحْرَقُوا الْقَلْبَ وَالْجَسَدَ وَالْفُؤَادَ (نام مطلوب معہ والدہ) بِمُحَبَّتِ وَأُلْفَتِ وَمَوَدَّةِ (نام طالب معہ والدہ) السَّاعَةِ السَّاعَةِ الْعَجَلِ الْعَجَلِ أَطِيعُوا نِي وَاحْضِرُوا لِي بِحَقِّ

يَا أَيُّهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِي وَبِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ نٓ وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ ۝ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ وَبِحَقِّ اهيا اشراهيا ادونى اصباؤت يا ملائكة الموكلة بِهٰذِ الْحُرُوفِ وَبِكَلِمَةِ الْمُرَكَّبَةِ مِنْ هٰذَا الْحُرُوفِ وَالتَّكْسِيرِ الْحِرْقِ الْقَلْبِ وَالْفُؤَادِ وَجَمِيعِ جَوَارِحِ الْبَدَنِ (نام مطلوب معہ والدہ) بِالْحُبَّةِ وَالْمُحَبَّتِ وَالْمَوَدَّتِ وَالْأُلْفَتِ (نام طالب معہ والدہ) السَّاعَةِ منعبت اطعام و طعت النوم وَالْإِقْرَارِ وَلَا نَوْمَ الْحَقِّ بِحَقِّ لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ

حبِ دیربی :-

یہ عمل علامہ دیربی سے منسوب ہے۔ علامہ موصوف نے اسے اپنی تصنیف "فتح المجید" میں اس طرح تحریر کیا ہے۔

مطلوب کا نام علیحدہ علیحدہ حرفوں میں لکھو اور ایک علیحدہ کاغذ پر حروف آتشی لکھو۔ پھر مطلوب اور حروف آتشی کو امتزاج دو۔ پہلے حرف آتشی پھر مطلوب کے نام کا حرف۔ جبکہ حروف آتشی سات ہیں۔ جس قدر حروف زیادہ ہوں سب کو لکھ کر آخر میں حروف آتشی جو ایک باقی ہو لکھ دو۔ اس طرح یہ ایک سطر بن جائے گی اب اس سطر میں جس قدر حروف ہوں ان تین گنا کر دو۔ اس تعداد کے مطابق علیحدہ علیحدہ کاغذ کے ٹکڑوں پر اس سطر کو لکھو۔ اور ہر ٹکڑا پر ذرا ذرا سا زعفران رکھ کر ان کاغذوں کی علیحدہ علیحدہ پڑیاں بنالو۔ پھر کوئلہ دہکا کر پہلے آگ پر خوشبو ڈالو۔ جب اس خوشبو کا دھواں اٹھنے لگے تو ایک پڑیہ اس میں ڈال دو اور جب

ہو تعداد تم نے ان حروف کے سہ گنا کرنے سے حاصل کی ہے یعنی جتنی تم نے پڑیاں
بنائی ہیں اسی تعداد میں تم ذیل کا عمل پڑھو۔

وَقَالَ الَّذِیْنَ سے لے کر حِجْرًا مَّحْجُوْرًا تک آیت ۲۱، ۲۲ الفرقان
(نام مطلوب ووالدہ)

والقاء محبتی فی قلبہ (نام طالب معہ والدہ) بحق بسم اللہ
الرّحمٰن الرّحیم الحمد للہ رب العالمین۔

یہاں یہ خیال رہے کہ رحیم کی میم اور الحمد کا ل آپس میں مل جائے یعنی
ملحمد کر کے پڑھو۔

جب یہ تعداد ختم ہو جائے تو دوسری پڑی ڈالو۔ پھر اتنی ہی مرتبہ عمل پڑھو۔
یہاں تک کہ سب گولیاں ختم ہو جائیں۔ عمل کے دوران دھونی کا سلسلہ منقطع نہ
ہونے پائے۔ کم و بیش ہو تو کوئی ہرج نہیں۔ دھونی کا تسلسل ٹوٹنے سے
عمل بیکار ہو جائے گا۔ اسے جاری رکھنے کے لیے خوشبودار صندل کا برادہ،
لوبان یا دھوپ یا کوئی اور خوشبو بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔ عمل کی تعداد پڑیائی
وہی ہوگی اور اتنے ہی دنوں کا عمل ہوگا۔ دوران عمل مطلوب کی حاضری کا تصور
رہے۔

برائے حُبّ :-

اگر کوئی کسی کو مسخر و مطیع کرنا چاہے۔ دو دلوں میں محبت ڈالنا چاہے تو پہلے
طالب و مطلوب کا نام معہ والدہ کے درمیان اسم حسنیٰ یا کوئی موافق مقصد آیت
قرآنی لکھے۔ اور تمام سطر کی بست حرفی کر کے۔ اب اس کی تکسیر صدر مؤخر کرے۔ اب
اس تکسیر کے دائیں طرف سے ہر سطر کا پہلا حرف لے کر ایک سطر بنائے۔ دونوں

سطروں کے اعداد لے کر مربع نقش بھرے۔ اور اس سے آٹھ موکل، آٹھ اعوان
اور مرکزی اسم کا استخراج کرے۔ اور پھر عزیمت تیار کرے۔ نقش کو سعد ساعت
میں لکھے۔ اور لکھتے وقت منہ میں میٹھی چیز رکھے۔ عنبر اور اشہب کا بخور جلائے
نقش کا فلیتہ بنا کر روئی صاحب لپیٹ کر چراغ میں رکھے۔ اور چراغ کا رُخ مطلوب
کے گھر کی طرف کر کے جلائے۔ خود چراغ کے سامنے بیٹھ کر عزیمت کو ہر سہ اسماء کو
تکسیر کی سطر اوّل کے حروف کی تعداد کے مطابق پڑھے۔ یعنی اگر اس میں دس حروف
ہوں تو دس مرتبہ عزیمت پڑھے۔ دس دن تک یہ عمل کرے۔ دس فتیلے روشن کرے
اس کی تکسیر اس طرح ہوگی کہ اسم طالب زید ہے۔ مطلوب عمر ہے ان کے درمیان
اسم حسنیٰ یا ودود داخل کیا کیونکہ یہ اسم موافق محبت ہے اور اس کے اعداد مزوجات
بدوح کے حروف کے مطابق ہیں۔ لہٰذا اس کی تکسیر کی صورت یہ ہوگی۔

ز ی د و د و د ع م ر	سطر اوّل
ر ز م ی ع د د و و د	
د د و ز د م د ی ہ ع	
ع ذ د د ی و د ز م و	
و ع م ذ ز د د ر و ی	
ی د و غ ر م د د د ز	زمام

ز ی د و د و د ع م ر	سطر میزان

حرف اوّل ہر ایک سطر راست سے = ز ر د ع و ی ز
حرفِ آخر ہر ایک چپ راست سے = ر د ع و ز ر
کل تعداد ۸۰۱ طرح ۳۰ حصہ چہارم ۱۹۲ کسر

٢٠١	٣٠٨	١٩٣	١٩٩
١٩٨	١٩٤	٢٠٥	٢٠٤
٢٠٧	٢٠٢	٢٠٠	١٩٢
١٩٥	١٩٧	٢٠٣	٢٠٦

اب اس نقش سے موکل اعوان ، اسم اور عزیمت استخراج کریں اور مذکورہ طریقہ کے مطابق عمل کریں۔

برائے نفرت و عداوت :-

ایسے اعمال کی سطر قائم کر کے طالب و مطلوب کے نام کے درمیان وہ لفظ لکھو جو مقصد کو ظاہر کرتا ہو۔ مثلاً عداوت ، نفرت ، ہلاکت ، حسد ، بغض

اور سطر میں جس عنصر کے نحس حروف غالب ہوں اس پر عمل کرو۔ اس عنصر کے حروف اور مخالف عنصر کے حروف بھی لے کر ایک سطر تیار کر کے طالب و مطلوب کی سطر میں امتزاج دے کر تکسیر تیار کرو۔ چاروں گوشوں کے حروف اور مرکز کے حروف لے کر بدستور موکل تیار کرو۔ لیکن یہ مؤکل مقلوب ہو گا مثلاً

٣٦٤ کا نطق	ج س ت	منسوب ہے
٣٠٤ کا نطق	ت س ج	مقلوب ہے

مقلوب مؤکل تسجائیل ہو گا اور سطر طلسم مخالف عنصر کے مرکبات سے تیار کی جائے گی ۔ گویا سارا عمل سابقہ عمل سے الٹا ہو گا ۔ جس وقت بھی دو شخصوں کے درمیان عداوت یا لڑائی پیدا کرنا ہو یا کسی جماعت میں پھوٹ ڈالنا ہو۔ تفرقہ پیدا کرنا ہو۔

